تنظیم المدارس (اہلِ سنت)، پاکستان کے جدید نصاب کے عین مطابق

برائے طلباء

سوالیہ پرچہ کے ساتھ

نورانی گائیڈ

حل شدہ پرچہ جات

درجہ عامہ

2

مفتی محمد احمد نورانی دامت برکاتہم عالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

پہلا پرچہ: قرآن وفقہ

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر:۱۰۰

نوٹ: حصہ اوّل کے دونوں سوالات اور حصہ دوم سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: قرآن مجید

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے کوئی سی چار آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں؟　　۴×۱۰=۴۰

(i) فِيهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا

(ii) تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○

(iii) اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○

(iv) وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ○

(v) وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ○

(vi) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ○

سوال نمبر۲: درج ذیل الفاظ قرآنیہ سے پانچ کے معانی تحریر کریں؟　　۵×۲=۱۰

(i) غَافِلٌ (ii) فَرِيْقًا (iii) اَعْدَآءً (iv) وُجُوْهٌ (v) الْاَدْبَار (vi) اَلْخَيْرَات (vii) صِرٌّ (viii) مُسَوِّمِيْنَ

حصہ دوم: فقہ

سوال نمبر۳: والغلبة فی مخالطة الجامدات باخراج الماء عن رقته و سیلانه ولا یضر

H_M_Hasnain_Asadi

تغیر اوصافه کالها بجامد کز غفران وفاکهة و ورق شجر .

(i) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ii) مائع چیزوں کے پانی میں مل جانے کی صورت میں غلبہ کا اعتبار کیسے ہوگا اس بارے میں صاحب کتاب کا ضابطہ تفصیلاً لکھیں؟ ۱۰

سوال نمبر۴: الوضوء علی ثلاثة اقسام الاول فرض علی المحدث للصلوة ولصلوة الجنازة والثانی واجب للطواف بالکعبة والثالث مندوب

(i) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور جن چیزوں کے لیے وضو مستحب ہے ان میں سے کوئی پانچ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ii) نور الایضاح کی روشنی میں کوئی پانچ وضو کے مکروہات لکھیں نیز وضو کو توڑنے والی پانچ چیزیں بیان کریں؟ ۵+۵=۱۰

(iii) حیض اور نفاس کی کم از کم مدت تحریر کریں؟ ۵

سوال نمبر۵: (i) نماز کے فرض ہونے کی شرطیں کتنی اور کون کون سی ہیں؟ نیز پانچوں نمازوں کے اوقات تحریر کریں؟ ۵+۱۰=۱۵

(ii) محدث، جنبی، غیر عاقل بچہ، عورت اور فاسق کی اذان کا حکم لکھیں، نیز اذان کے جواب کا طریقہ بیان کریں؟ ۵+۵=۱۰

☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

پہلا پرچہ: قرآن وفقہ

﴿حصہ اوّل: قرآن مجید﴾

سوال نمبر۱: درج ذیل آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں؟

(i) فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ

(ii) تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ○

(iii) اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ

H_M_Hasnain_Asadi

يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

(iv) وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَاۗءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

(v) وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَاۗؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ۝

(vi) يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

جواب: ترجمہ آیات

(i) اس میں روشن نشانیاں ہیں' مقام ابراہیم ہے۔ جو آدمی اس میں داخل ہوتا ہے' وہ امن والا بن جاتا ہے اور اللہ ہی کے لیے لوگوں پر بیت اللہ کا حج فرض ہے' جو اس تک جانے کی استطاعت رکھتے ہیں۔

(ii) یہ اللہ تعالیٰ کی آیات ہیں' جو ہم آپ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ جہاں والوں کے لیے زیادتی کا ارادہ نہیں کرتا اور اللہ ہی کے لیے ہر وہ چیز ہے' جو آسمانوں میں ہے اور جو چیز زمین میں ہے اور تمام معاملات اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

(iii) سوائے اس کے نہیں ہے کہ توصرف اللہ کے ذمہ کرم میں ہے۔ ان لوگوں کے لیے جو جہالت کی وجہ سے برے کام کرتے ہیں' پھر وہ جلدی سے توبہ کرتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ علم وحکمت والا ہے۔

(iv) اور اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کرلیں' پھر وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔ وہ اللہ سے بخشش طلب کریں' پھر رسول بھی ان کے لیے بخشش طلب کریں۔ وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے۔

(v) جو شخص کسی مومن کو عمداً قتل کردیتا ہے' تو اس کی سزا جہنم ہے۔ جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی اس پر لعنت ہے۔ اور اس نے اس کے لیے بہت بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(vi) اے لوگو! بے شک رسول تمہارے پاس تمہارے پروردگار کی طرف سے حق لے کر آئے' تم ایمان لاؤ۔ یہ تمہارے لیے بہتر ہے اور اگر تم نے انکار کیا' تو اللہ ہی کے لیے جو چیز آسمانوں اور زمین میں ہے اور اللہ تعالیٰ جاننے والا حکمت والا ہے۔

سوال نمبر۲: درج ذیل الفاظ قرآنیہ کے معانی تحریر کریں؟

(i) غَافِلٌ (ii) فَرِيْقًا (iii) اَعْدَاۗءً (iv) وُجُوْهٌ (v) الْاَدْبَارُ (vi) الْخَيْرٰتُ (vii) صـ

H_M_Hasnain_Asadi

(viii) مُسَوِّمِيْن

جواب: الفاظ قرآنیہ کے معانی

(i) غفلت برتنے والا (ii) جماعت/گروہ (iii) دشمن (iv) چہرے/سامنے (v) پشتیں (vi) نیکیاں (vii) چہ چہانا (viii) نشان والے۔

حصہ دوم: فقہ

سوال نمبر۳: وَالْغَلَبَةُ فِيْ مُخَالَطَةِ الْجَامِدَاتِ بِاَخْرَاجِ الْمَاءِ عَنْ رِقَّتِهٖ وَ سِيَلَانِهٖ وَلَا يَضُرُّ تَغَيُّرُ اَوْصَافِهٖ كُلِّهَا بِجَامِدٍ كَزَعْفَرَانٍ وَّفَاكِهَةٍ وَّ وَرَقِ شَجَرٍ ۔

(i) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ii) مائع چیزوں کے پانی میں مل جانے کی صورت میں غلبہ کا اعتبار کیسے ہوگا اس بارے میں صاحب کتاب کا ضابطہ تفصیلاً لکھیں؟

جواب: (i) اعراب بر عبارت اور ترجمہ:

اعراب اوپر لگا دیے گئے ہیں اور ترجمہ حسب ذیل ہے:

ٹھوس چیزوں کے پانی میں مل جانے کی صورت میں غیر کا غلبہ اس وقت ہوگا جب پانی پتلا نہ رہے اور نہ ہی جاری ہو سکے۔ کسی ٹھوس کے پانی میں مل جانے سے اس کے تمام اوصاف کا بدل جانا وضو کے جواز کو نہیں روکتا' جیسے زعفران، پھل اور درخت کے پتے مل جائیں۔

(ii) غلبہ کے اعتبار کے حوالے سے ضابطہ:

مائع چیز کی تین صورتیں ہیں، یا تو اس کے تین اوصاف ہوں گے یعنی رنگ، بو اور ذائقہ، یا دو وصف ہوں گے' یا کوئی بھی وصف نہیں ہوگا۔ اگر پانی میں ملنے والے مائع کے تین وصف ہوں' مثلاً سرکہ کہ اس کا اپنا رنگ، ذائقہ اور بو ہے' تو ایسی صورت میں دیکھا جائے گا۔ دو وصف ظاہر ہوئے، تو پانی مغلوب اور سرکہ غالب ہوگا اور وضو ناجائز ہوگا۔ اگر ایک ہی وصف ظاہر، تو وضو جائز ہوگا' لیکن ایسی چیز کے مل جانے کی صورت میں جس میں دو وصف پائے جاتے ہیں۔ ایک وصف کے ظاہر ہونے سے وہ چیز غالب اور پانی مغلوب ہوگا اور وضو جائز ہوگا۔ مثلاً دودھ کا رنگ اور ذائقہ ہے' لیکن بو نہیں، لہٰذا پانی اور دودھ مل جائیں' تو دیکھا جائے گا۔ دودھ کا رنگ اور ذائقہ دونوں ظاہر ہوں' تو دودھ غالب اور وضو ناجائز ہوگا ورنہ نہیں' لیکن ایسی مائع چیز جس کا کوئی وصف نہیں مثلاً مستعمل پانی کہ اس کا اپنا رنگ، بو اور ذائقہ نہیں ہوتا۔ اگر مطلق پانی میں مل جائے' تو وزن کا اعتبار ہوگا، مطلق پانی زیادہ ہو' تو وضو جائز ہے اور مستعمل زیادہ ہو' تو ناجائز ہوگا۔

H_M_Hasnain_Asadi

سوال نمبر۴: اَلْوُضُوْءُ عَلٰی ثَلَاثَةِ اَقْسَامٍ اَلْاَوَّلُ فَرْضٌ عَلَی الْمُحْدِثِ لِلصَّلٰوةِ وَلِصَلٰوةِ الْجَنَازَةِ وَالثَّانِیْ وَاجِبٌ لِلطَّوَافِ بِالْکَعْبَةِ وَالثَّالِثُ مَنْدُوْبٌ

(i) مذکورہ عبارت پر اعراب لگائیں اور جن چیزوں کے لیے وضو مستحب ہے ان میں سے کوئی پانچ تحریر کریں؟

(ii) نورالایضاح کی روشنی میں کوئی پانچ وضو کے مکروہات لکھیں نیز وضو کو توڑنے والی پانچ چیزیں بیان کریں؟

(iii) حیض اور نفاس کی کم از کم مدت تحریر کریں؟

جواب: (i) وہ امور جن کے لیے وضو مستحب ہے:

(۱) سونے کے لیے وضو کرنا (۲) نیند سے بیدار ہونے کے بعد وضو کرنا (۳) ہمیشہ باوضو رہنے کے لیے وضو کرنا (۴) وضو پر وضو کرنا (۵) غیبت کے بعد (۶) چغلی کھانے کے بعد (۷) برے اشعار کہنے کے بعد۔

(ii) مکروہات وضو:

(۱) پانی میں اسراف کرنا (۲) ضرورت سے کم پانی استعمال کرنا (۳) پانی چہرے پر زور سے مارنا (۴) دنیوی گفتگو کرنا (۵) بغیر عذر کے دوسرے سے مدد لینا (۶) تین بار نئے پانی سے سر کا مسح کرنا۔

(iii) حیض اور نفاس کی کم از کم مدت:

حیض اس خون کو کہا جاتا ہے' جو عاقلہ بالغہ عورت کو ہر ماہ شرم گاہ سے آتا ہے۔ اس کی کم از کم مدت تین دن ہے۔ نفاس اس خون کو کہا جاتا ہے' جو بچے کی پیدائش کے بعد عورت کو شرم گاہ سے آتا ہے۔ اس کی کم از کم کوئی مدت متعین نہیں ہے۔

سوال نمبر۵: (i) نماز کے فرض ہونے کی شرطیں کتنی اور کون کون سی ہیں نیز پانچوں نمازوں کے اوقات تحریر کریں؟

(ii) محدث، جنبی، غیر عاقل بچہ، عورت اور فاسق کی اذان کا حکم لکھیں، نیز اذان کے جواب کا طریقہ بیان کریں۔

جواب: (i) نماز فرض ہونے کی شرائط:

نماز فرض ہونے کی ستائیس شرائط ہیں:

(۱) جسم، جگہ اور کپڑوں کا پاک ہونا (۲) ستر عورت (۳) قبلہ رخ ہونا (۴) وقت کا ہونا (۵) نیت کرنا (۶) تکبیر تحریمہ کہنا۔

H_M_Hasnain_Asadi

پانچوں نمازوں کے اوقات:

(۱) فجر کا وقت طلوع فجر سے لیکر طلوع آفتاب تک ہے۔

(۲) ظہر کا وقت زوال کا وقت ختم ہونے سے لیکر اصلی سایہ کے علاوہ ہر چیز کا سایہ ڈبل ہونے تک ہے۔

(۳) عصر کا وقت ظہر کا وقت ختم ہونے سے لیکر غروب آفتاب تک ہے۔

(۴) مغرب کا وقت غروب آفتاب سے لیکر شفق کے غروب ہونے تک ہے۔

(۵) نماز عشاء کا وقت نماز مغرب کا وقت ختم ہونے سے لیکر طلوع فجر تک ہے۔

(ii) محدث، جنبی، غیر عاقل، بچہ، عورت اور فاسق کی اذان کا حکم:

محدث، جنبی، غیر عاقل بچہ، عورت اور فاسق کا اذان پڑھنا مکروہ ہے۔ تاہم وقت کی قلت کے پیش نظر محدث (بے وضو) اذان پڑھ سکتا ہے، مگر اس کی عادت بنانا درست نہیں ہے۔

اذان کے جواب دینے کا طریقہ:

جونہی موذن اذان کا آغاز کرے، تو سامع اپنے تمام کاموں سے رک جائے، جواب کی نیت سے موذن کے الفاظ دہراتا رہے۔ مگر "حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ" اور "حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ" کے جواب میں "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کہے گا۔ فجر کی اذان میں "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" کے جواب میں "صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ" یا "مَا شَآءَ اللّٰہُ" کے الفاظ کہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النھائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اھل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

دوسرا پرچہ: صرف

کل نمبر: ۱۰۰

وقت: تین گھنٹے

نوٹ: سوال نمبر ۴ لازمی ہے۔ باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: علم الصیغہ

سوال نمبر ۱: فعل آنکہ دلالت کند بر معنی مستقل با یکے از ازمنہ ثلثہ ماضی وحال واستقبال چوں ضرب ویضرب واسم آنکہ دلالت کند بر معنی مستقل نہ با یکے از ازمنہ ثلثہ چوں رجل وضارب وحرف آنکہ دلالت کند بر معنی غیر مستقل۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور اسم وفعل میں سے ہر ایک کی دو دو مثالیں ذکر کرنے کی وجہ تحریر کریں؟ ۷+۳=۱۰

(ب) معنی وزمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟ ۱۰

(ج) صاحب علم الصیغہ نے اقسام حروف کے اعتبار سے اسم وفعل کی چار قسمیں بیان کی ہیں آپ ان کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟ ۱۰

سوال نمبر ۲: (الف) حروف ناصبہ کا لفظی ومعنوی عمل بیان کریں نیز بتائیں کہ حروف ناصبہ میں سے اصل کون سا حرف ہے؟ ۷+۳=۱۰

(ب) جحد کا معنی بیان کریں نیز "لَمْ" اور "لَمَّا" میں فرق کی وضاحت کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ج) نون ثقیلہ کا ماقبل کتنے صیغوں میں مفتوح، کتنے میں مکسور، کتنے میں مضموم اور کتنے میں الف ہوتا ہے؟ تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر ۳: (الف) اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق کی وضاحت مثال دے کر کریں؟ ۱۰

(ب) "اِنَّاقَلَ" اصل میں کیا تھا کس قانون کے تحت کس طرح یہ "اناقل" بنا؟ بیان کریں؟ ۱۰

(ج) واو ویائے متحرک بعد فتحہ الف شود بشروط......

علم الصیغہ میں مذکورہ شروط تحریر کرنے کے بعد قاعدہ کی تشریح وتوضیح قلمبند کریں؟ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

حصہ دوم: خاصیات ابواب

سوال نمبر۴: نیچے دیے گئے خواص میں سے کوئی سے چار خواص کی تشریح وتوضیح قلمبند کریں؟ ۴×۵=۲۰

اتخاذ، تدریج، الباس ماخذ، تحول، تعمل، صیرورت

(ب) درج ذیل میں سے کسی چار ابواب کا ایک ایک خاصہ مع مثال تحریر کریں (جو مذکورہ بالا خواص میں سے نہ ہو)؟ ۴×۵=۲۰

سَمِعَ يَسْمَعُ، كَرُمَ يَكْرُمُ، مَفَاعَلَةٌ، اِفْتِعَالٌ، اِنْفِعَالٌ، اِفْعِلَالٌ

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

دوسرا پرچہ: صرف

﴿حصہ اوّل: علم الصیغہ﴾

سوال نمبر۱: فعل آنکہ دلالت کند بر معنی مستقل با یکے از ازمنہ ثلثہ ماضی وحال واستقبال چوں ضَرَبَ وَيَضْرِبُ واسم آنکہ دلالت کند بر معنی مستقل نہ با یکے از ازمنہ ثلثہ چوں رَجُلٌ وَ ضَارِبٌ وحرف آنکہ دلالت کند بر معنی غیر مستقل۔

(الف) عبارت کا ترجمہ کریں اور اسم وفعل میں سے ہر ایک کی دو دو مثالیں ذکر کرنے کی وجہ تحریر کریں؟

(ب) معنی وزمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

(ج) صاحب علم الصیغہ نے اقسام حروف کے اعتبار سے اسم وفعل کی چار قسمیں بیان کی ہیں آپ ان کی تعریفات وامثلہ لکھیں؟

جواب: (الف) ترجمہ عبارت:

فعل وہ ہے، جو معنی مستقبل معنی پر دلالت کرے۔ تینوں زمانوں ماضی، حال اور یا مستقبل میں سے کوئی زمانہ اس میں پایا جائے، جیسے ضَرَبَ اور يَضْرِبُ۔ اسم وہ کلمہ ہے مستقل معنی پر دلالت کرے اس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ نہ پایا جائے جیسے رَجُلٌ اور ضَارِبٌ۔ حرف وہ کلمہ ہے، جو غیر مستقل معنی پر دلالت کرے۔

H_M_Hasnain_Asadi

اسم اور فعل کی دو دو مثالیں ذکر کرنے کی وجہ:

اسم کی دو اقسام ہیں: (۱) غیر مشتق (۲) مشتق۔ پہلی مثال رَجُلٌ غیر مشتق کی دی ہے اور دوسری مثال ضَارِبٌ مشتق کی ہے۔

فعل کی بھی دو اقسام ہیں: فعل ماضی (۲) فعل مضارع۔ پہلی مثال ضَـرَبَ فعل ماضی کی دی ہے اور دوسری مثال یَضْرِبُ فعل مضارع کی دی ہے۔

(ب) معنی اور زمانہ کے اعتبار سے فعل کی اقسام

معنی اور زمانہ کے اعتبار سے فعل کی تین اقسام ہیں:

(۱) فعل ماضی: وہ فعل ہے جس میں گزشتہ زمانہ پایا جائے جیسے ضَرَبَ ۔

(۲) فعل حال: وہ فعل ہے جس میں موجودہ زمانہ پایا جائے جیسے یَضْرِبُ ۔

(۳) فعل مستقبل: وہ فعل ہے جس میں آنے والا زمانہ پایا جائے جیسے یَضْرِبُ ۔

(ج) اقسام حروف کے لحاظ سے اسم اور فعل کی چار اقسام:

اقسام حروف کے لحاظ سے اسم اور فعل کی چار اقسام ہیں:

(۱) صحیح:

وہ اسم یا فعل ہے جس کے فا، عین، یا لام کلمہ کی جگہ میں ہمزہ، حرف علت اور ایک جنس کے دو حروف نہ ہوں جیسے ضَرَبَ ضَرْبٌ۔

(۲) مہموز:

وہ اسم اور فعل ہے جس کے فاء، عین یا لام کلمہ کی جگہ ہمزہ ہو جیسے اَمْرٌ اور اَمَرَ ۔ سَئَلَ اور سَئْلٌ ۔ قَرَأَ اور قَرْأٌ ۔

(۳) معتل:

وہ اسم اور فعل ہے جس کے حروف اصلیہ کے مقابلہ میں کوئی حرف علت ہو جیسے وَعَدَ اور وَعْدٌ ۔ قَوْلٌ اور قَالَ ۔ دَعْوٌ اور دَعَا ۔

(۴) مضاعف:

وہ اسم اور فعل ہے جس کے حروف اصلیہ کے مقابلہ میں ایک جنس کے دو حروف ہوں جیسے مَدٌّ اور مَدَّ ۔ زِلْزَالٌ اور زَلْزَلَ ۔

سوال نمبر۲: (الف) حروف ناصبہ کا لفظی و معنوی عمل بیان کریں نیز بتائیں کہ حروف ناصبہ میں سے

H_M_Hasnain_Asadi

اصل کون سا حرف ہے؟

(ب) جحد کا معنی بیان کریں نیز "لَمْ" اور "لَمَّا" میں فرق کی وضاحت کریں؟

(ج) نون ثقیلہ کا ماقبل کتنے صیغوں میں مفتوح، کتنے میں مکسور، کتنے میں مضموم اور کتنے میں الف ہوتا ہے؟ تحریر کریں؟

جواب: (الف) حروف ناصبہ کا لفظی اور معنوی عمل:

حروف ناصبہ چار ہیں:

(۱) اَنْ (۲) لَنْ (۳) کَیْ (۴) اِذَنْ ۔

ان حروف کو ناصبہ کہا جاتا ہے۔ یہ فعل مضارع پر داخل ہوتے ہیں اور ان کا لفظی عمل ایک ہی ہے کہ فعل مضارع کے پانچ صیغوں کے آخر میں نصب دیتے ہیں۔ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم۔ سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرا دیتے ہیں۔ تثنیہ مذکر غائب، جمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب، تثنیہ مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر اور واحد مؤنث حاضر۔ دو صیغوں میں کوئی عمل نہیں کرتے یعنی جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر میں۔

ان کے معنوی عمل کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(i) اَنْ: یہ فعل مضارع کو مصدر کے معنی میں کر دیتا ہے جیسے اُرِیْدُ اَنْ تَقُوْمَ یعنی قِیَامَكَ ۔

(ii) لَنْ: یہ فعل مضارع کو مستقبل منفی اور تاکید کے معنی کے ساتھ کر دیتا ہے جیسے لَنْ یَضْرِبَ

(iii) کَیْ: یہ پہلے جملہ کی وجہ بیان کرنے کے لیے آتا ہے جیسے اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ

(iv) اذن: یہ وقت کے لیے آتا ہے۔ اِذَا جِئْتَنِیْ اِذَنْ اُکْرِمَكَ ۔

حروف ناصبہ میں سے اصل:

حروف ناصبہ میں سے "اَنْ" اصل ہے۔ باقی فروع ہیں۔

(ب) جحد کا معنی و مفہوم:

لفظ "جحد" کا لغوی معنی "انکار" کرنا ہے۔ لفظ "لَمْ" جب فعل مضارع پر داخل کیا جائے تو اسے نفی جحد بلم کہتے ہیں جیسے لَمْ یَضْرِبْ ۔

"لَمْ" اور "لَمَّا" میں فرق

"لَمْ" اور "لَمَّا" میں دو فرق ہیں:

(i) "لَمْ" زمانہ ماضی میں مطلق نفی کے لیے آتا ہے اور لَمَّا متکلم کی گفتگو کے زمانہ تک کی نفی کے لیے آتا ہے۔ (ii) "لَمْ" کے بعد فعل کو حذف کرنا جائز نہیں ہے جب کہ "لَمَّا" کے بعد فعل کو حذف کرنا جائز ہے۔

H_M_Hashan_Asadi

(ج) نون ثقیلہ کے ماقبل حرف کی حالت

(i) پانچ صیغوں میں نون ثقیلہ کا ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔ صیغہ واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور جمع متکلم۔

(ii) ایک صیغہ میں نون ثقیلہ کا ماقبل مکسور ہوتا ہے۔ یعنی صیغہ واحد مؤنث حاضر میں۔ یہ کسرہ اس بات کو بتاتا ہے کہ یہاں یاء حذف ہوئی ہے۔

(iii) دو صیغوں میں نون ثقیلہ کا ماقبل مضموم ہوتا ہے، صیغہ جمع مذکر غائب اور صیغہ جمع مذکر حاضر۔ یہ ضمہ اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ یہاں واؤ حذف ہوئی ہے۔

(iv) چھ صیغوں میں نون ثقیلہ کے ماقبل سکون یعنی الف ہوتا ہے۔ تثنیہ مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب، جمع مؤنث غائب، تثنیہ مذکر حاضر، تثنیہ مؤنث حاضر اور جمع مؤنث حاضر۔ یاد رہے جمع مؤنث غائب اور جمع مؤنث حاضر کے دونوں صیغوں میں الف فاصلہ ہوتا ہے۔

سوال نمبر ۳: (الف) اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق کی وضاحت مثال دے کر کریں؟

(ب) "اِثَّاقَلَ" اصل میں کیا تھا کس قانون کے تحت کس طرح یہ "اِثَّاقَلَ" بنا؟ بیان کریں؟

(ج) واو و یائے متحرک بعد فتحہ الف شود بشروط......

علم الصیغہ میں مذکورہ شروط تحریر کرنے کے بعد قاعدہ کی تشریح و توضیح قلمبند کریں؟

جواب: (الف) اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق:

صفت مشبہ وہ اسم ہے، جو کام کرنے والے پر دلالت کرے، یہ ثلاثی مجرد سے فاعل کے وزن پر آتا ہے۔

صفت مشبہ وہ اسم ہے، جو کسی ذات کے معنی مصدری کے ساتھ بطور ثبوت موصوف ہونے پر دلالت کرتا ہے، جب کہ اسم فاعل اس پر بطور حدوث موصوف ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صفت مشبہ ہمیشہ لازم آتی ہے، اگرچہ فعل متعدی سے آئے۔

(ب) "اِثَّاقَلَ" کا اصل:

"اِثَّاقَلَ" دراصل باب تفاعل سے فعل ماضی واحد مذکر غائب کا صیغہ ہے۔ تاء کو فاء کلمہ کی جنس کیا۔ پھر تاء کو ثاء میں ادغام اور ابتداء بالساکن سے بچنے کے لیے شروع میں ہمزہ وصل بڑھا دیا، تو اِثَّاقَلَ ہو گیا۔ اس کا قانون درج ذیل ہے: قانون ہر باب تفعل اور تفاعل کا فاء کلمہ تاء، ثاء، جیم، دال، ذال، زاء، سین، شین، صاد، ضاد، طاء اور ظاء میں سے کوئی حرف ہو، تو تائے تفعل اور تفاعل کو فاء کلمہ سے بدل کر ادغام کرتے ہیں اور ماضی اور امر میں ہمزہ وصل لاتے ہیں۔

(ج) قاعدہ کی وضاحت:

واؤ اور یاء متحرک ہوں، ان کا ماقبل مفتوح ہو، واؤ اور یاء کو ساکن کر کے انہیں الف سے بدلنا واجب ہے جیسے قَوْلٌ سے قَالَ اور بَیْعٌ سے بَاعَ۔

اس قانون کی سات شرائط ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) واؤ اور یاء فاء کلمہ میں نہ ہوں۔

(۲) لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔

(۳) تثنیہ کے الف سے پہلے نہ ہوں۔

(۴) مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں۔

(۵) یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔

(۶) اس کلمہ میں رنگ اور عیب کے معانی ہوں۔

(۷) وہ کلمہ فعلان کے وزن پر نہ ہو۔

جب یہ تمام شروط پائی جائیں گی تب یہ قانون جاری ہوگا۔

حصہ دوم: خاصیات ابواب

سوال نمبر۴: نیچے دیے گئے خواص میں سے کوئی سے چار خواص کی تشریح وتوضیح قلمبند کریں؟

اتخاذ، تدریج، الباس ماخذ، تحول، تعمل، صیرورت

(ب) درج ذیل میں سے کسی چار ابواب کا ایک ایک خاصہ مع مثال تحریر کریں (جو مذکورہ بالا خواص میں سے نہ ہو)؟

سَمِعَ یَسْمَعُ، کَرُمَ یَکْرُمُ، مُفَاعَلَۃٌ، اِفْتِعَالٌ، اِنْفِعَالٌ، اِفْعِلَالٌ

جواب: (الف) اصطلاحات کی وضاحت:

(۱) اتخاذ:

اس کی چند صورتیں بنتی ہیں:

(i) ماخذ کو اختیار کرنا جیسے تَحَرَّزَ مِنْهُ (اس نے اس سے پناہ لی)

(ii) ماخذ میں لینا جیسے تَاَبَّطَ الْحَجَرَ (اس نے پتھر کو بغل میں لیا)

(iii) کسی چیز کو ماخذ بنانا جیسے تُوَسَّدَ الْحَجَرَ (اس نے پتھر کو تکیہ بنایا)

(۲) تدریج:

H_M_Hashain_Asadi

فاعل کا کسی کام کو آہستہ آہستہ کرنا جیسے ضَمَسَ زَیْدٌ (زید نے آہستہ آہستہ چبایا)

(۳)الباس ماخذ:

کسی کو ماخذ پہنانا جیسے جَلَّلْتُ الدَّابَّةَ (میں نے جانور کو جل پہنائی)

(۴)تحول:

فاعل کا عین ماخذ یا مثل ماخذ ہو جانا جیسے جَنَبَتِ الرِّیْحُ (ہوا عین جنوبی ہو گئی)

(۵)تعمل:

فاعل کا ماخذ کو کام میں لانا جیسے رَسَنَ الدَّابَّةَ (اس نے جانور کو لگام پہنائی)

(۶)صیرورت:

فاعل کا صاحب ماخذ ہونا جیسے رَوَّضَ الْمَكَانُ (جگہ لالہ زار بن گئی)

(ب)ابواب کی خصوصیات:

(۱)سَمِعَ یَسْمَعُ:

طلیہ: ملنا اور صلح سازی کرنا قَطِرْتُ بَعِیْرًا (میں نے اونٹ کو تارکول ملا)

(۲)كَرُمَ يَكْرُمُ

لزوم: یہ باب ہمیشہ لازم آتا ہے۔ كَرُمَ زَيْدٌ۔

(۳)مُفَاعَلَةٌ

موافقت افعال: کام کی موافقت و مطابقت جیسے ضَاعَفْتُہٗ (میں نے اسے دوگنا کیا)

(۴)افتعال

ابتداء: مزید فیہ کا ایسے معنی کے لیے آنا جس میں اس کا مجرد استعمال نہ ہوا ہو جیسے اِحْتَجَرَ (اس نے سوراخ بنایا)

(۵)انفعال

لزوم: فعل کا لازم ہو کر استعمال ہونا جیسے اِنْصَرَفَ (وہ پھرا)

(۶)افعلال

لزوم: فعل کا لازم استعمال ہونا جیسے اِحْمَرَّ (وہ سرخ ہوا)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)
(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

تیسرا پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے | کل نمبر: ۱۰۰

دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اوّل: ہدایۃ النحو

سوال نمبر۱: وَحَدُّ الْفِعْلِ كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا دَلَالَةً مُقْتَرِنَةً بِزَمَانٍ ذٰلِكَ الْمَعْنٰى كَضَرَبَ يَضْرِبُ اِضْرِبْ وَ عَلَامَتُهٗ اَنْ يَصِحَّ الْاِخْبَارُ بِهٖ لَا عَنْهُ

(i) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ii) فعل کی تعریف میں موجود قیود کے فوائد تحریر کریں نیز فعل کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟ ۱۰+۵=۱۵

(iii) خط کشیدہ کی تشریح و توضیح قلمبند کریں؟ ۵

سوال نمبر۲: (i) غیر منصرف کی تعریف، اسباب منع صرف اور غیر منصرف کا حکم تحریر کریں؟ ۳+۴+۳=۱۰

(ii) عدل تحقیقی اور عدل تقدیری کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ عدل کس سبب کے ساتھ جمع ہوسکتا ہے اور کس کے ساتھ نہیں؟ ۶+۴=۱۰

(iii) اَرْقَمُ، زَيْنَبُ، شَتَّرَ، عَبْدُاللهِ اور سُكْرَانُ منصرف ہیں یا غیر منصرف؟ وجہ ضرور لکھیں۔ ۵×۲=۱۰

سوال نمبر۳: (i) مؤنث حقیقی کی تعریف کریں نیز فاعل مؤنث حقیقی ہو تو کب فعل مذکر لایا جائے گا اور کب مؤنث؟ وضاحت کریں۔ ۴+۶=۱۰

(ii) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنا کب واجب ہوتا ہے؟ نیز مفعول کو فاعل پر جوازاً مقدم کرنے کی صورت تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

(iii) ہدایۃ النحو کی روشنی میں اسماء منصوبہ کے نام لکھیں نیز بتائیں کہ "لَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا فِي الْكِيْسِ" کس کی مثال ہے؟ ۶+۴=۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

حصہ دوم: شرح مائۃ عامل

سوال نمبر۴: اعلم ان العوامل فی النحو علی ما الفه الشیخ الامام الفضل علماء الانام عبدالقاهر بن عبدالرحمن الجرجانی سقی الله ثراه وجعل الجنة مثواه مائة عامل لفظية و معنوية

(i) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی ترکیب نحوی کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ii) حروف جارہ حروف عاملہ کی قسموں میں سے کس قسم سے تعلق رکھتے ہیں؟ نیز حروف جارہ کی وجہ تسمیہ لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر۵: واللام للاختصاص نحو الجل للفرس وللزيادة نحو ردف لكم ای ردفكم

(i) عبارت کی ترکیب نحوی سپرد قلم کریں؟ ۱۰

(ii) حرف جرم "لام" مذکورہ معانی کے علاوہ کتنے اور کون کون سے معانی کے لیے آتا ہے؟ مع امثلہ تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر۶: (i) جواب قسم کی کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ شرح مائۃ عامل کی روشنی میں جواب تحریر کریں؟ ۱۰

(ii) اسم کو نصب دینے والے حروف کتنے اور کون سے ہیں نیز بتائیں کہ وہ کس کس معنی میں استعمال ہوتے ہیں؟ ۵+۵=۱۰

☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

تیسرا پرچہ: نحو

﴿حصہ اوّل: ہدایۃ النحو﴾

سوال نمبر۱: وَحَدُّ الْفِعْلِ كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِىْ نَفْسِهَا دَلَالَةً مُقْتَرِنَةً بِزَمَانٍ ذٰلِكَ الْمَعْنٰى كَضَرَبَ يَضْرِبُ اِضْرِبْ وَ عَلَامَتُهٗ اَنْ يَّصِحَّ الْاِخْبَارُ بِهٖ لَا عَنْهُ

(i) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ii) فعل کی تعریف میں موجود قیود کے فوائد تحریر کریں نیز فعل کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟

(iii) خط کشیدہ کی تشریح وتوضیح قلمبند کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

جواب: (i) اعراب وترجمہ:

اعراب اوپر عبارت پر لگا دیے گئے اور ترجمہ عبارت درج ذیل ہے:

اور فعل کی تعریف: فعل وہ کلمہ ہے، جو از خود اپنے معنی پر دلالت کرے وہ معنی کسی زمانہ کے ساتھ ملا ہوا ہو، جیسے ضَرَبَ، یَضْرِبُ، اِضْرِبْ ۔ اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے ساتھ خبر دینا صحیح ہو، نہ اس سے (یعنی وہ مسند ہو اور مسند الیہ نہ ہو)

(ii) فعل کی تعریف میں قیود کے فوائد:

اس عبارت میں ''حد الفعل '' معروف ہے اور ''کلمة تدل علی معنی فی نفسها دلالة مقترفة بزمان ذلك المعنی '' معرف ہے۔ ''کَلِمَةٌ'' جنس ہے، ''تدل علی معنی نفسها '' فصل اول ہے، جس نے حرف خارج ہو گیا۔ ''دلالة مقترفة بزمان ذلك المعنی ''، یہ فصل ثانی ہے۔ جس سے اسم خارج ہو گیا۔

فعل کی وجہ تسمیہ:

لفظ ''فعل'' کا اطلاق ایسے کلمہ پر ہوتا ہے جس میں تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے، چونکہ اس میں زمانہ پایا جاتا ہے، اس لیے اسے ''فعل'' کہا جاتا ہے جیسے ضَرَبَ، یَضْرِبُ، اِضْرِبْ ۔

(iii) خط کشیدہ کی وضاحت:

مصنف رحمہ اللہ تعالیٰ ''وعلامة'' سے فعل کی علامات بیان کر رہے ہیں، اس کی پہلی علامت یہ ہے کہ اس کے ساتھ خبر دینا صحیح ہو نہ کہ اس سے یعنی مسند ہو جیسے قَامَ زَیْدٌ میں قائم فعل اور مسند ہے، جب کہ زَیْدٌ مسند الیہ اور فاعل ہے۔

سوال نمبر ۲: (i) غیر منصرف کی تعریف، اسباب منع صرف اور غیر منصرف کا حکم تحریر کریں؟

(ii) عدل تحقیقی اور عدل تقدیری کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ عدل کس سبب کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے اور کس کے ساتھ نہیں؟

(iii) اَرْقَمُ، زَیْنَبُ، شَتَرَ، عَبْدُاللہِ اور سُکْرَانٌ منصرف ہیں یا غیر منصرف؟ وجہ ضرور لکھیں۔

جواب: (i) غیر منصرف کی تعریف، اسباب منع اور غیر منصرف کا حکم:

غیر منصرف کی تعریف:

وہ اسم معرب ہے، جس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے دو پائے جائیں یا ایک سبب پایا جائے، جو دو کے قائم مقام ہو۔

H_M_Hasnain_Asadi

اسباب منع صرف:

اسباب منع صرف نو (۹) ہیں، جو درج ذیل ہیں:
(۱) عدل (۲) وصف (۳) تانیث (۴) معرفہ (۵) عجمہ (۶) جمع (۷) ترکیب (۸) الف نون زائد تان (۹) وزن فعل

غیر منصرف کا حکم:

منع صرف کا حکم یہ ہے کہ اس کا رفع ضمہ لفظی سے آتا ہے، نصب اور جر کسرہ لفظی سے آتا ہے جیسے جَاءَنِیْ اَحْمَدُ، رَاَیْتُ اَحْمَدَ وَ مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ۔

(ii) عدل تحقیقی اور عدل تقدیری کی تعریفات:

(۱) عدل تحقیقی:

وہ عدل ہے جس کا اصل (معدول عنہ) یقیناً ثابت ہو اور اس (اصل) پر غیر منصرف ہونے کے علاوہ دلیل موجود ہو جیسے ثُلٰثُ مُثَلَّثُ۔

(۲) عدل تقدیری:

وہ عدل ہے جس کا اصل (معدول عنہ) فرضی ہو اور اس پر غیر منصرف ہونے کے علاوہ کوئی دلیل موجود نہ ہو جیسے عُمَرُ۔

عدل کس سبب کے ساتھ جمع ہو سکتا اور کس کے ساتھ نہیں:

سبب عدل، وزن فعل کے ساتھ بالکل جمع نہیں ہوتا۔ یہ علمیت کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے جیسے عُـمَـرُ۔ نیز یہ (عدل) وصف سے بھی جمع ہو سکتا ہے جیسے اُخَرُ۔

(iii) اَرْقَمُ، زَیْنَبُ، شَتَرَ، عَبْدُ اللّٰہِ اور سُکْرَانُ منصرف ہیں یا غیر منصرف:

اَرْقَمُ:

یہ غیر منصرف ہے۔ اس میں وصف اور علم دو اسباب موجود ہیں۔

زَیْنَبُ:

یہ غیر منصرف ہے۔ اس میں تانیث معنوی (زائدۃ الثلاثۃ) اور علمیت دو سبب موجود ہیں۔

شَتَرَ:

یہ غیر منصرف ہے۔ اس میں عجمہ میں علم ہونا اور ثلاثی متحرک الاوسط دو سبب موجود ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

عَبْدُ اللهِ:

یہ منصرف ہے۔ س لیئے خواہ اس میں ترکیب تو موجود ہے لیکن عدم اضافت والی شرط نہیں پائی جا رہی ہے لہٰذا یہ منصرف ہے۔

سکران:

یہ غیر منصرف ہے۔اس میں الف نون زائدتان اوراس کی تانیث فعلانۃ کے وزن پر سُکْرَانَۃٌ نہیں آتی۔

سوال نمبر۳: (i) مؤنث حقیقی کی تعریف کریں نیز فاعل مؤنث حقیقی ہو تو کب فعل مذکر لایا جائے گا اور کب مؤنث؟ وضاحت کریں۔

(ii) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنا کب واجب ہوتا ہے؟ نیز مفعول کو فاعل پر جوازاً مقدم کرنے کی صورت تحریر کریں؟

(iii) ہدایۃ النحو کی روشنی میں اسماء منصوبہ کے نام لکھیں نیز بتائیں کہ "لَا عِشْرِیْنَ دِرْهَمًا فِی الْکِیْسِ" کس کی مثال ہے؟

جواب: (i) مؤنث حقیقی:

مؤنث حقیقی وہ ہے جس کے مقابلہ میں حیوان (جاندار) مذکر ہو جیسے نَاقَةٌ کے مقابلہ میں جَمَلٌ مذکر موجود ہے۔

فاعل مؤنث حقیقی کے فعل کے مذکر اور مؤنث لانے کی صورتیں:

(i) فاعل مؤنث حقیقی (اسم ظاہر) ہو، فعل اور فاعل کے درمیان فاصلہ نہ ہو، تو فعل مؤنث لایا جائے گا جیسے قَامَتْ هِنْدٌ۔

(ii) فاعل مؤنث حقیقی (اسم ظاہر) ہو، فعل اور فاعل کے درمیان فاصلہ ہو، تو فعل کو مذکر اور مؤنث دونوں طرح لانا جائز ہے جیسے قَامَ الْیَوْمَ هِنْدٌ، قَامَتِ الْیَوْمَ هِنْدٌ۔

(ii) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی جگہیں:

چار مقامات پر فاعل کو مفعول پر مقدم کرنا واجب ہے، جو درج ذیل ہیں:

(۱) فاعل اور مفعول دونوں کا اعراب تقدیری ہو اور قرینہ بھی موجود نہ ہو جیسے ضَرَبَ مُوْسٰی عِیْسٰی (۲) فاعل ضمیر متصل ہو جیسے ضَرَبْتُ زَیْدًا (۳) مفعول اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے مَا ضَرَبَ زَیْدٌ اِلَّا عَمْرًوا (۴) مفعول معنیٰ اِلَّا (اِنَّمَا) کے بعد واقع ہو جیسے اِنَّمَا ضَرَبَ زَیْدٌ عَمْرًوا۔

H_M_Hasnain_Asadi

مفعول کو فاعل پر مقدم کرنے کی صورت:

مفعول کو فاعل پر جوازاً مقدم کرنے کی صورت یہ ہے کہ مفعول کے آخر میں ضمیر ہو، جو فاعل کی طرف لوٹتی ہو جب کہ فاعل بعد میں ہو اور حقیقتاً ورتبۃً وہ پہلے ہو مگر لفظاً بعد میں ہو جیسے ضَرَبَ غلَامَهُ زَيْدٌ۔

(iii) ہدایۃ النحو کی روشنی میں اسماء منصوبہ کے نام

اسماء منصوبہ بارہ ہیں، جو درج ذیل ہیں:

(۱) مفعول مطلق (۲) مفعول بہ (۳) مفعول فیہ (۴) مفعول لہ

(۵) مفعول معہ (۶) حال (۷) تمیز (۸) مستثنیٰ (۹) اسم انّ اور اس کے بھائیوں کا (۱۰) خبر کَانَ اور اس کے بھائیوں کی (۱۱) لائے نفی جنس کا اسم (۱۲) خبر ما و لا مُشَبَّهَتَيْنِ بِلَيْسَ۔

لَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا فِي الْكِيْسِ

یہ مثال لائے نفی جنس کی اس صورت کی ہے کہ لائے نفی جنس کا اسم مشابہ مضاف ہو۔

حصہ دوم: شرح مائۃ عامل

سوال نمبر ۴: اعلم ان العوامل فی النحو علی ما الفه الشيخ الامام افضل علماء الانام عبدالقاهر بن عبدالرحمن الجرجانی سقی الله ثراه وجعل الجنة مثواه مائة عامل لفظية و معنوية

(i) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی ترکیب نحوی کریں؟

(ii) حروف جارہ حروف عاملہ کی قسموں میں سے کس قسم سے تعلق رکھتے ہیں؟ نیز حروف جارہ کی وجہ تسمیہ لکھیں؟

جواب: (i) ترجمہ عبارت

تمہیں اس بات کا علم ہونا چاہیے کہ بے شک نحو کے عوامل جو شیخ، امام، عام علماء سے افضل عبدالقاہر بن عبدالرحمٰن جرجانی (اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو سیراب کرے اور ان کا ٹھکانا جنت بنائے) نے مرتب کیے ہیں، وہ ایک سو ہیں، جو لفظی اور معنوی ہیں۔

خط کشیدہ کی ترکیب نحوی:

(۱) سَقَى اللّٰهُ ثَرَاهُ: سقی صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد ناقص یائی اللہ۔ اسم جلالت مفرد منصرف صحیح بہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً فاعل، ثراہ ثرا اسم مقصورہ بہ اعراب تقدیری منصوب تقدیراً مضاف ہ ضمیر برائے واحد مذکر غائب مرفوع لفظاً مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول،

H_M_Hasnain_Asadi

فعل اپنے فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ : و عاطفہ مبنی برفتحہ مبنیات اصلیہ سے، جَعَلَ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب ضرب یضرب، ھو ضمیر در و مستتر مرفوع محلاً فاعل، الجنة مفرد منصرف بسہ اعراب لفظی منصوب لفظاً مفعول اول، مثواہ مثوا اسم مقصور بسہ اعراب لفظی منصوب تقدیراً مضاف، ہ ضمیر برائے واحد مذکر غائب مرفوع لفظاً مجرور محلاً مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مفعول ثانی، فعل اپنے فاعل اور دونوں مفعولوں سے مل ک جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

سوال نمبر ۵: واللام للاختصاص نحو الجل للفرس وللزيادة نحو ردف لكم اى ردفكم

(i) عبارت کی ترکیب نحوی سپرد قلم کریں؟

(ii) حرف جر "لام" مذکورہ معانی کے علاوہ کتنے اور کون کون سے معانی کے لیے آتا ہے؟ مع امثلہ تحریر کریں؟

جواب: (i) عبارت کی ترکیب نحوی:

واللام للاختصاص و حرف عاطفہ مبنی برفتحہ مبنیات اصلیہ سے، اللام مفرد منصرف صحیح بسہ اعراب لفظی، مرفوع لفظاً مبتداء، لِ حرف جارہ مبنی علی الکسر مبنیات اصلیہ سے الاختصاص مفرد منصرف صحیح بسہ اعراب لفظی، مجرور لفظاً، جار با مجرور متعلق ہوا ظرف مستقر ثَابِتٌ، ثَابِتٌ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد، ھو ضمیر در و مستتر، مشبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر، مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نَحْوُ الْجُلُّ لِلْفَرَسِ نحو مفرد منصرف جاری مجری صحیح، مرفوع لفظاً مضاف، اَلْجَلُّ مفرد منصرف صحیح بسہ اعراب لفظی، مرفوع لفظاً مبتداء لِلْفَرَسِ لِ حرف جار مبنی علی الکسر مبنیات اصلیہ سے، الفرس مفرد منصرف صحیح بسہ اعراب لفظی، مجرور لفظاً، جار با مجرور متعلق ہوا ظرف مستقر، ھو ضمیر در و مستتر، شبہ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مرفوع محلاً ہو کر خبر، مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر مجرور محلاً ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا، مضاف با مضاف الیہ خبر ہوئی مبتداء محذوف مِثَالُہٗ، مبتداء با خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

وللزيادة و حرف عاطفہ مبنی برفتح مبنیات اصلیہ سے، الزيادة مفرد منصرف صحیح بسہ اعراب لفظی مجرور لفظاً، جار با مجرور متعلق ہوا ظرف مستقر ثَابِتٌ، ثَابِتٌ اسم فاعل ثلاثی مجرد ھو ضمیر مستتر فاعلش، شبہ فعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر ہوئی مبتداء محذوف کی جو اللام ہے، مبتداء اور خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

نحو حرف لَكُمْ اَىْ رَدِفَكُمْ نحو مفرد منصرف جاری مجری صحیح بسہ اعراب لفظی مرفوع لفظاً مضاف،

H_M_Hasnain_Asadi

ردف صیغہ واحد مذکر غائب ہو ضمیر مستتر فاعلش لکم ل حرف جارہ مبنی بر کسر مبنیات اصلیہ سے، کم ضمیر برائے جمع مذکر حاضر مجرور محلا اور با مجرور ظرف لغو ردف کے متعلق ہوا، ردف فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر مفسر، ای حرف تفسیر، ردف فعل با فاعل کم ضمیر برائے جمع مذکر حاضر منصوب محلا مفعول، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر، مفسر، مفسر اور مفسر دونوں مل کر مجرور محلا ہو کر مضاف الیہ ہوا نحو مضاف کا، مضاف با مضاف الیہ خبر ہوئی مبتداء محذوف مثالہ کی، مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(ii) لام کے معانی:

مذکورہ دو معانی کے علاوہ لام مزید تین معانی کے لیے آتی ہے۔

(۱) تعلیل کے لیے جیسے جئتك لاكرامك (میں تمہارے احترام کے لیے آیا) (۲) قسم کے لیے جیسے للهِ لَا يُؤَخِّرَ الْاَجَلُ (اللہ کی قسم! موت کا وقت مقرر ہے) (۳) معاقبت کے لیے جیسے لَزِمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ (شر کو شقاوت لازم ہے)

سوال نمبر ۶: (i) جواب قسم کی کتنی اور کون کون سی حالتیں ہیں؟ شرح مائۃ عامل کی روشنی میں جواب تحریر کریں؟

(ii) اسم کو نصب دینے والے حروف کتنے اور کون سے ہیں نیز بتائیں کہ وہ کس کس معنی میں استعمال ہوتے ہیں؟

جواب: جواب کی قسم کی حالتیں:

جواب قسم جملہ اسمیہ ہوں تو اس کی دو حالتیں ہیں:

(i) جواب قسم جملہ اسمیہ مثبت ہو تو اس کا آغاز انَّ یا لام ابتداء سے ہوگا جیسے وَاللهِ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ، وَاللهِ لَزَيْدٌ قَائِمٌ۔

(ii) جواب قسم جملہ اسمیہ منفی ہو تو اس کا آغاز مَا، یا لَا، یا اِنَّ سے ہوگا جیسے وَاللهِ مَا زَيْدٌ قَائِمًا، وَاللهِ لَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو، وَاللهِ اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ۔

اگر جواب قسم جملہ فعلیہ ہو تو اس کی بھی دو صورتیں ہیں:

(i) جواب قسم جملہ فعلیہ مثبت ہو تو اس کا آغاز لام اور قَدْ یا صرف لام سے ہوگا جیسے وَاللهِ لَقَدْ قَامَ زَيْدٌ، وَاللهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا۔

(ii) جواب قسم اگر جملہ فعلیہ منفیہ ہو پھر اگر فعلیہ ماضویہ ہو تو اس کا آغاز ما سے ہوگا جیسے وَاللهِ مَا قَامَ زَيْدٌ، اگر فعلیہ مضارعیہ ہو تو اس کا آغاز مَا یا لَا یا لَنْ سے ہوگا جیسے وَاللهِ مَا اَفْعَلَنَّ كَذَا، وَاللهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا، وَاللهِ لَنْ اَفْعَلَ كَذَا۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ii) اسم کو نصب دینے والے حروف:

اسم کو نصب دینے والے حروف سات ہیں:

(۱) واؤ بمعنی مع جیسے اِسْتَوَی الْمَاءُ وَالْخَشْبَةَ (۲) اِلَّا بمعنی استثنٰی جیسے جَاءَنِیْ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا (۳) یا، قرب واحد سے نداء کے لیے استعمال ہوتی ہے جیسے یَا عَبْدَاللّٰہِ (۴،۵) اَیَا، ھَیَا دور سے پکارنے کے لیے آتے ہیں۔ اَیَا غُلَامَ زَیْدٍ، ھَیَا شَرِیْفَ الْقَوْمِ (۶،۷) اَیْ، ہمزہ مفتوحہ ندائے قریب کے لیے آتے ہیں جیسے اَیْ اَفْضَلَ الْقَوْمِ، اَعَبْدَ اللّٰہِ۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

چوتھا پرچہ: عربی ادب و منطق

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل: عربی ادب

سوال نمبر۱: (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر عربی میں مضمون تحریر کریں جو کم از کم پچاس الفاظ پر مشتمل ہو؟ ۱۰

(i) جمهورية باكستان الاسلامية (ii) سيّدنا على المرتضى رضى الله عنه

(ب) درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک کا ترجمہ کریں؟ ۱۰

(i) وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ○ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰى اَهْلِهَا . وَلَا تَسْتَوِى الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ط اِدْفَعْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِىْ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِىٌّ حَمِيْمٌ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِى السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ○

(ii) اول الناس اسلاما و ايمانا به هى ام المومنين خديجة رضى الله عنها ومن الرجال ابوبكر رضى الله عنه ومن الصبيان علىٰ رضى الله عنه ومن الموالى زيد بن حارثة رضى الله عنه ثم دعا الناس افة الى دين و عارض قريش دعوة الرسول معارضة شديدة و آذوه و عذبوا من امن به من المستضعفين .

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے دو اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) درج ذیل سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟ ۵×۳=۱۵

(i) ما هو الخير الكثير فى الاية الرابعة من هذا الدرس؟ (ii) اين و متى ولد سيّدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم (iii) ماذا كان اسم مرضعته و زوجها و بنتها؟ (iv) بماذا سماه جده؟ (v) من الذى هَنَاتُهُ البنت؟

(ب) درج ذیل الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟ ۵×۳=۱۵

H_M_Hasnain_Asadi

الخشية، الخصاصة، المولد، الاجسام، الفواحش ۔

(ج) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟ ۵×۳=۱۵

(i) آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوش اخلاق تھے۔ (ii) میرا مدرسہ میرے گھر کے قریب ہے۔ (iii) تیرے مدرسے کا کیا نام ہے؟ (iv) سعید ایک شہری لڑکا ہے۔ (v) اللہ عظیم ہے اور اس کی صفات بڑی ہیں۔

حصہ دوم: منطق

سوال نمبر ۳: درج ذیل میں سے کوئی سے دو اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(i) تقدم ذاتی، تقدم طبعی اور تقدم زمانی میں سے ہر ایک کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۵×۳=۱۵

(ii) دلالت لفظیہ وضعیہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں مع تعریفات و امثلہ لکھیں؟ ۱۵

(iii) منقول کی اقسام ثلاثہ کی تعریفات و امثلہ قلمبند کریں؟ ۵×۳=۱۵

سوال نمبر ۴: درج ذیل میں سے کوئی سی پانچ اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ ۵×۴=۲۰

(i) حقیقت (ii) نوع حقیقی (iii) فصل مقوم (iv) نسبت تساوی (v) قضیہ حملیہ (vi) جہت (vii) عرفیہ عامہ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

چوتھا پرچہ: عربی ادب و منطق

حصہ اوّل: عربی ادب

سوال نمبر ۱: (الف) درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر عربی میں مضمون تحریر کریں جو کم از کم پچاس الفاظ پر مشتمل ہو؟

(i) جمهورية باكستان الاسلامية (ii) سيدنا علی المرتضی رضی الله عنه

(ب) درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک کا ترجمہ کریں؟

(i) وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤی اَهْلِهَا ۔ وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ط اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَ بَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ ۔ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللّٰهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

H_M_Hasnain_Asadi

(ii)اول الناس اسلاما و ایمانا به هی ام المومنین خدیجة رضی الله عنها ومن الرجال ابوبکر رضی الله عنه ومن الصبیان علی رضی الله عنه ومن الموالی زید بن حارثة رضی الله عنه ثم دعا الناس افة الی دین و عارض قریش دعوة الرسول معارضة شدیدة و آذوه و عذبوا من امن به من المستضعفین .

جواب:(الف)(i) جمہوریۃ باکستان الاسلامیۃ

باكستان معناها الارض الطاهرة ويقصدبها ارض الاسلام والمسلمين وهی دولة الاسلامية واسمها الرسمی جمهورية باكستان الاسلامی وظهرت باكستان علی خريطة الارض فی الرابع عشر من اغسطس سنة ۱۹۴۷ء (۲۷ رمضان ۱۳۶۵ھ) وكانت ثمرة لضحايا عظيمة وكانت الكراتشی عاصمتها الاولی ثم نقل الی عاصمتها الجديده مدينة اسلام آباد تضم باكستان الان اربعة اقاليم وهی اقليم سرحد و بنجاب والسند و بلوجستان و اقاليم باكستان الاربعة والمناطق الشماليه كلها اجزاء متكاملة متكافلة

سیدنا علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ:

هو ابو الحسن علی ابن ابی طالب كرم الله وجهه ولد قبل الهجرة النبوية باحدی و عشرين سنة وفی السنة الثالثين من مولد النبی صلی الله عليه وسلم وسمته امه السيده فاطمة بنت اسد حيدرة وسماه ابوه السيد ابو طالب بن عبدالمطلب عليا و لقبه الرسول بابی التراب . وقد ربی علی كرم الله مع الرسول الله صلی الله عليه وسلم فی بيته تخفيفا عن ابيه الذی كان كثر العيال وبويع بالخلافة يوم استشهد الخليفة الراشد الثالث عثمان بن عفان رضی الله عنه وهو احد من شعراء الصحابة و خطبائهم وقضاتهم وفرسانهم وكان رضی الله عنه قدوة لاهل الحق وكان عونا لابی بكر و امينا له بعدان بايعه وكان مستشار العمرو قاضياله وكذالك كان عونا لعثمان حتی استشهد (رضی الله عنه و رضوا عنه)

(ب)

(i) اللہ کے بندے وہ ہیں' جو زمین پر عاجزی سے چلتے ہیں، جب ان کو جاہل لوگ مخاطب کرتے ہیں' تو وہ کہتے ہیں' سلام۔ بے شک اللہ تعالیٰ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم لوگوں کی امانتیں مالکوں کو واپس کردو۔ نیکی اور برائی دونوں برابر نہیں ہو سکتیں، تم برائی کو بھلائی سے ٹالو جبھی وہ کہ تجھ میں اور اس میں دشمنی تھی ایسا ہو

H_M_Hasnain_Asadi

جائے گا جیسا کہ گہرا دوست۔ وہ لوگ جو کشادگی اور تنگی میں خرچ کرتے ہیں، وہ غصہ کو پینے والے ہیں، لوگوں کو معاف کرنے والے ہیں، تو اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

(ii) عورتوں میں سے سب سے پہلے اسلام لانے والی اور ایمان قبول کرنے والی ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ مردوں میں سے سب سے پہلے مسلمان ہونے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔ بچوں میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے اور غلاموں میں سے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عام لوگوں کو قبول دین کی دعوت دی، قریش نے آپ کی خوب مخالفت کی اور انہوں نے آپ کو تکلیف دی اور انہوں نے آپ پر ایمان لانے والے کمزور لوگوں کو بھی اذیت میں مبتلا کیا۔

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے دو اجزاء کے جوابات تحریر کریں؟

(الف) درج ذیل سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں؟

(i) ما هو الخير الكثير في الاية الرابعة من هذا الدرس؟ (ii) اين و متى ولد سيّدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم (iii) ماذا كان اسم مرضعته و زوجها و بنتها؟ (iv) بماذا سماه جده؟ (v) من الذى هنأتة البنت؟

(ب) درج ذیل الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں؟

الخشية، الخصاصة، المولد، الاجسام، الفواحش۔

(ج) درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(i) آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوش اخلاق تھے۔ (ii) میرا مدرسہ میرے گھر کے قریب ہے۔ (iii) تیرے مدرسے کا کیا نام ہے؟ (iv) سعید ایک شہری لڑکا ہے۔ (v) اللہ عظیم ہے اور اس کی صفات بڑی ہیں۔

جواب: (الف) سوالات کے عربی میں جوابات:

(i) اَلْحِكْمَةُ هُوَ الْخَيْرُ الْكَثِيْرُ فِى الْاٰيَةِ الرَّابِعَةِ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ ۔ (ii) وُلِدَ سَيِّدُنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ فِىْ صُبَيْحَةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ الثَّانِىْ عَشَرَ مِنْ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ وَيُوَفِقُ ذٰلِكَ الْعِشْرِيْنَ مِنْ شَهْرِ ابريل سنة ۵۷۱ ۔ (iii) اسم مرضعته حليمة بنت ابى ذُوَيْبِ السَّعْدِيَّةُ وَ زَوْجُهَا هُوَ الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْعُزّٰى وَ اِبْنَتُهَا الشَّمَّاءُ هِىَ اُخْتُهُ مِنَ الرَّضَاعَةِ ۔ (iv) سَمَّاهُ جَدُّهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمَّتْهُ اُمُّهُ اَحْمَدَ (v) هَنَّاتِ الْبِنْتُ وَالِدَهَا ۔

H_M_Hasnain_Asadi

(ب) عربی الفاظ کا جملوں میں استعمال

الفاظ	عربی جملے
اَلْخَشْيَةُ:	اَلْإِيمَانُ بَيْنَ الْخَشْيَةِ وَالرَّجَاءِ
اَلْخِصَاصَةُ:	وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ
اَلْمَوْلِدُ:	يَا اُسْتَاذِىْ اَخْبِرْ عَنْ مَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَلْاَجْسَامُ:	يَاْكُلُ النَّاسُ لِلتَّقْوٰى اَجْسَامَهُمْ
اَلْفَوَاحِشُ:	اِجْتَنِبُوا الْفَوَاحِشَ وَالْمَنَاكِيْرَ

(ج) جملوں کی عربی:

(i) كان صلى الله عليه وسلم خَيْرَ النَّاس خلقًا (ii) مدرستي قريبة من بيتي (iii) ما اسم مدرستك؟ (iv) سعيد طفل حضرمي (v) اَللّٰهُ عَظِيْمٌ وصفاته عظيمات

حصہ دوم: منطق

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے کوئی سے دو اجزا کے جوابات تحریر کریں؟

(i) تقدم ذاتی، تقدم طبعی اور تقدم زمانی میں سے ہر ایک کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

(ii) دلالت لفظیہ وضعیہ کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں مع تعریفات و امثلہ لکھیں؟

(iii) منقول کی اقسام ثلاثہ کی تعریفات و امثلہ قلمبند کریں؟

جواب: (i) تقدم ذاتی تقدم طبعی اور تقدم زمانی کی تعریفات و امثلہ

(۱) تقدم ذاتی:

مؤخر، مقدم کا محتاج اور مقدم، مؤخر کے لیے علت تامہ جیسے طلوع شمس کا تقدم وجود نہار پر کیونکہ وجود نہار محتاج ہے طلوع شمس کا اور طلوع شمس علت ہے وجود نہار کے لیے۔

(۲) تقدم طبعی:

مؤخر، مقدم کا محتاج ہو لیکن مقدم، مؤخر کے لیے علت تامہ نہ ہو جیسے تصور کا تقدم تصدیق پر، کیونکہ تصدیق محتاج تصور تو ہے، لیکن تصور علت تصدیق نہیں ہے۔

(۳) تقدم زمانی:

مقدم کا زمانہ مؤخر کے زمانہ سے پہلے ہو جیسے زمانہ نوح مقدم ہے زمانہ موسیٰ علیہما السلام سے۔

(ii) دلالت لفظی وضعی کی اقسام، تعریفات اور امثلہ:

H_M_Hashain_Asadi

دلالت لفظی وضعی وہ ہے، جس میں دلالت کرنا والا لفظ ہو، اس کی تین اقسام ہیں:

(۱) دلالت لفظیہ وضعیہ:

وہ دلالت ہے لفظیہ ہے، جس میں وضع کا دخل ہو جیسے لفظ زید کی دلالت ذات زید پر۔

(۲) دلالت لفظیہ طبعیہ:

وہ دلالت لفظیہ ہے، جس میں طبیعت کے تقاضے کا دخل ہو، جیسے اُخ اُخ کی دلالت سینے کے درد پر۔

(۳) دلالت لفظیہ عقلیہ:

وہ دلالت لفظیہ ہے، جس میں وضع اور طبیعت کے تقاضے کا دخل نہ ہو جیسے دیوار کے پیچھے سے سنائی دینے والے لفظ دیز کی دلالت بولنے والے کے وجود پر۔

(iii) منقول کی اقسام ثلاثہ کی تعریفات اور امثلہ:

(۱) منقول عرفی:

وہ لفظ منقول جس کے ناقل عرف عام والے ہوں، جیسے لفظ دَابۃ اس کی وضع تو ہوئی تھی: کل ما یدب علی الارض کے لیے، لیکن بعد میں عرف عام والوں نے اس کو نقل کر دیا چار پاؤں کی طرف۔

(۲) منقول شرعی:

وہ لفظ منقول جس کے ناقل اہل شرع ہوں، جیسے لفظ "صلوٰۃ" کی وضع ہوئی تھی "دعا" کے لیے پھر اس کا استعمال عبادت (نماز) کے لیے ہونے لگا۔

(۳) منقول اصطلاحی:

وہ لفظ منقول جس کے ناقل عرف خاص والے ہوں جیسے لفظ "اسم" کی وضع ہوئی تھی "بلندی" یا "علامت کے معنی کے لیے، مگر لحات نے اسے ایسے کلمہ کی طرف منتقل کر دیا جو مستقل معنی پر دلالت کرتا ہو اور تین زمانوں میں سے کوئی زمانہ اس میں نہ پایا جاتا ہو۔

سوال نمبر۴: درج ذیل میں سے کوئی سی پانچ اصطلاحات کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

(i) حقیقت (ii) نوع حقیقی (iii) فصل مقوم (iv) نسبت تساوی (v) قضیہ حملیہ (vi) جہت (vii) عرفیہ عامہ

جواب: اصطلاحات منطقیہ کی تعریفات اور امثلہ:

(i) حقیقت:

کسی شے کے وہ اجزاء جن سے مل کر کوئی چیز بنے اور اگر ان میں سے کوئی جز بھی نہ پائی جائے، تو وہ

چیز نہ پائی جائے جیسے "ثرید" روٹی کے ٹکڑوں اور شوربا سے تیار ہوتا ہے۔ دونوں ثرید کی حقیقت ہیں، کیونکہ دونوں میں سے ایک جزء بھی نہ پائی جائے تو ثرید نہیں بن سکتا۔

(ii) نوع حقیقی:

وہ کلی ہے جو متفقہ الحقائق کثیرین پر ماھو کے جواب میں بولی جائے جیسے انسان۔

(iii) فصل مقوم:

فصل کی نسبت نوع کی طرف ہو تو اسے مقوم کہتے ہیں جیسے ناطق، انسان کے لیے۔

(iv) نسبت تساوی:

وہ نسبت جو دو کلیوں کے درمیان پائی جائے کہ ان میں سے ہر ایک دوسری کلی کے ہر ہر فرد پر صادق آئے جیسے انسان اور ناطق کے درمیان نسبت۔

(v) قضیہ حملیہ:

وہ قضیہ ہے جس میں ایک چیز کا ثبوت دوسری چیز کے لیے یا ایک چیز کی نفی دوسری چیز سے کی جاتی ہے جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ، زَيْدٌ لَيْسَ بِقَائِمٍ۔

(vi) جہت:

قضیہ حملیہ کی پہلی جز (موضوع) یا دوسری جز (محمول) کو جہت کہا جاتا ہے جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ۔

(vii) عرفیہ عامہ:

وہ قضیہ موجہ ہے جس میں موضوع کے لیے "محمول کے ثبوت" یا "سلب کا حکم" کیا گیا ہو دائمی طور پر جب تک موضوع وصف عنوانی کے ساتھ متصف ہو جیسے كُلُّ كَاتِبٍ مُتَحَرِّكُ الْاَصَابِعِ بِالدَّوَامِ مَا دَامَ كَاتِبًا، لَاشَيْءَ مِنَ الْكَاتِبِ بِسَاكِنِ الْاَصَابِعِ بِالدَّوَامِ مَا دَامَ كَاتِبًا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم (برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

پانچواں پرچہ: قرآن وفقہ

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔

سوال نمبر۱: (i) درج ذیل فیصد کو اعشاریہ میں تبدیل کریں، جب کہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔ ۴×۴=۱۶

180%   120%

92%   47%

(ii) پہلی مقدار کی دوسری مقدار سے آسان شکل میں نسبت معلوم کریں۔ ۴

(1) 80cm . 20cm

سوال نمبر۲: (i) اگر ایک کار پارکنگ میں 800 کاریں ہوں اور ان میں سے 80% کاریں پاکستان میں بنی ہوں، تو پاکستانی کاروں کی تعداد معلوم کریں۔ ۱۰

(ii) اگر ایک کالونی کے 56% گھروں میں سے ہر گھر میں ایک کار موجود ہو، تو کالونی کے کتنے فیصد گھروں میں کار نہیں ہوگی؟ ۱۰

سوال نمبر۳: (i) درج ذیل نسبتوں کو آسان شکل میں لکھیں۔ ۲.۵×۴=۱۰

$\frac{2}{5}:\frac{1}{3}$ $\frac{12}{10}:\frac{28}{10}$ $\frac{2}{3}:\frac{3}{5}$ $\frac{13}{40}:\frac{3}{20}$

(ii) اگر a:b=2:3 ہو، تو 6a:2b معلوم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر۴: (i) 6 آدمی ایک گھر کو چار دنوں میں رنگ سکتے ہیں اگر تین آدمیوں کو رکھا جائے، تو وہ کتنے عرصہ میں گھر کو رنگ کریں گے؟ ۱۰

(ii) ایک ہاسٹل میں 12 آدمیوں کا 28 دن رہنے کا خرچہ 6720 روپے ہو، تو 8 آدمیوں کا 14 دن رہنے کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟ ۱۰

سوال نمبر۵: (i) اگر سونے کی مالیت 11,10,000 روپے ہو، تو اس کی زکوٰۃ معلوم کیجئے۔ ۱۰

(ii) مصنوعی ذرائع سے پیدا شدہ گندم کی فصل مالیتی 3,50,000 روپے عشر معلوم کریں۔ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

سوال نمبر ۶: (i) ایک فلیٹ کی سالانہ آمدنی قیمت 14,00,000 روپے ہے 16% سالانہ کی شرح سے قابل ادا پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجئے۔ ۱۰

(ii) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کریں۔ ۲.۵×۴=۱۰

1.72 0.22 0.845 0.06

☆☆☆☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت ۲۰۲۰ء

پانچواں پرچہ: حساب

نوٹ: کوئی سے پانچ سوال حل کریں۔

سوال نمبر ۱: (i) درج ذیل فیصد کو اعشاریہ میں تبدیل کریں، جب کہ جواب تین درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔

180% 120%

92% 47%

(ii) پہلی مقدار کی دوسری مقدار سے آسان شکل میں نسبت معلوم کریں۔ ۴

(1) 80cm 20cm ۴

جواب: (i) 120%

$$= \frac{120}{100}$$

$$=1.20$$

180%

$$= \frac{180}{100}$$

$$=1.80$$

47%

$$= \frac{47}{100}$$

H_M_Hasnain_Asadi

جواب: =0.47

92%

$$= \frac{92}{100}$$

جواب: =0.92

(ii) 20cm : 80cm

20cm: 80

جواب: 1 : 4

سوال نمبر۲: (i) اگر ایک کار پارکنگ میں 800 کاریں ہوں اور ان میں سے 80% کاریں پاکستان میں بنی ہوں تو پاکستانی کاروں کی تعداد معلوم کریں۔ ۱۰

(ii) اگر ایک کالونی کے 56% گھروں میں سے ہر گھر میں ایک کار موجود ہو تو کالونی کے کتنے فیصد گھروں میں کار نہیں ہوگی؟ ۱۰

حل: (i) کار پارکنگ میں کاروں کی تعداد = 800

گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود نہیں ہے۔ $= \frac{80}{100} \times 800$

= 640 کاریں Ans.

حل: (ii) گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود نہیں = 56%

گھروں کی تعداد فی صد میں جن میں کار موجود نہیں ہے۔ = (100-56)%

= 44 % Ans

پس 44% گھروں میں کار موجود نہیں ہے

سوال نمبر۳: (i) درج ذیل نسبتوں کو آسان شکل میں لکھیں۔ ۱۰=۴×۲.۵

$\frac{2}{5}:\frac{1}{3}$ $\frac{12}{10}:\frac{28}{10}$ $\frac{2}{3}:\frac{3}{5}$ $\frac{13}{40}:\frac{3}{20}$

(ii) اگر a:b=2:3 ہو تو 6a:2b معلوم کریں۔ ۱۰

H_M_Hasnain_Asadi

(i) حل:

$\frac{13}{40} : \frac{3}{20}$

$\frac{13}{40} \times \frac{3}{20}$

$= 260 : 120$

$= 13 : 6$ Ans.

$\frac{2}{3} : \frac{3}{5}$

$= \frac{2}{3} \times \frac{3}{5}$

$= 10 : 9$ Ans.

$\frac{12}{10} : \frac{28}{10}$

$= \frac{12}{10} \times \frac{28}{10}$

$= 120 : 280$

$= 6 : 14$

$= 3 : 7$ Ans.

$\frac{2}{5} : \frac{1}{3}$

$= \frac{2}{5} \times \frac{1}{3}$

$= 5 : 6$ Ans.

سوال نمبر۴: (i)6 آدمی ایک گھر کو چار دنوں میں رنگ سکتے ہیں اگر تین آدمیوں کو رکھا جائے تو وہ کتنے

H_M_Hasnain_Asadi

عرصہ میں گھر کورنگ کریں گے؟ ۱۰

(ii) ایک ہاسٹل میں 12 آدمیوں کا 28 دن رہنے کا خرچہ 6720 روپے ہو تو 8 آدمیوں کا 14 دن رہنے کے لیے کتنا خرچ آئے گا؟ ۱۰

حل: (i)　　دن : آدمی

4 : 6

x : 3

3 : 6 ; : 4 : x

$$x = \frac{6 \times 4}{3}$$

Ans.　　8 =دن

حل:　　خرچ : دن : آدمی

6720 : 28 : 12

x : 14 : 8

12 : 8

28 : 14 : 6720 : x

$$x = \frac{8 \times 14 \times 6720}{12 \times 28}$$

x = 2240　　Ans.

سوال نمبر۵: (i) اگر سونے کی مالیت 11,10,000 روپے ہو تو اس کی زکوٰۃ معلوم کیجیے۔

(ii) مصنوعی ذرائع سے پیدا شدہ گندم کی فصل مالیتی 3,50,000 روپے عشر معلوم کریں۔

حل (i):

کل مالیت = 11,10,000 روپے

زکوٰۃ کی شرح = 2 ½%

H_M_Hasnain_Asadi

$$\text{کل زکوٰۃ} = \frac{5 \times 1110000}{2 \times 100}$$

= 27750 روپے Ans.

(ii) حل:

مصنوعی ذرائع سے گندم کی فصل مالیت = 350000 روپے

عشر کی شرح مصنوعی فی صد = 5 %

$$x = \frac{5 \times 350000}{100}$$

= 17500 روپے Ans.

سوال نمبر ۶: (i) ایک فلیٹ کی سالانہ آمدنی قیمت 14,00,000 روپے ہے 16% سالانہ کی شرح سے قابل ادا پراپرٹی ٹیکس معلوم کیجئے۔ ۱۰

(ii) درج ذیل اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کریں۔ ۲.۵×۴=۱۰

1.72 0.22 0.845 0.065

(i) حل: فلیٹ کی سالانہ آمدنی = 14,00,000 روپے

ٹیکس کی شرح = 16%

$$\text{قابل ادا ٹیکس} = 14{,}000 \times 16 \times \frac{1}{100}$$

= 140 x 16

= 2,24,000 روپے

پس کل قابل ادا پراپرٹی ٹیکس 2,24,000 روپے ہے۔

(ii) حل: 1.72

$$= \frac{172 \times 100}{100}$$

= 172% جواب:

H_M_Hasnain_Asadi

0.22

حل:

$$= \frac{22 \times 100}{100}$$

جواب:

$$= 22\%$$

0.845

حل:

$$= \frac{845 \times 100}{100}$$

$$= \frac{845\ \%}{10}$$

جواب:

$$= 84.5\%$$

0.065

حل

$$= 0.065$$

$$= \frac{65 \times 100}{100}$$

جواب:

$$= 6.5\%$$

☆☆☆☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1441ھ 2020ء

چھٹا پرچہ: انگلش

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

H_M_Hasnain_Asadi

Note: Attempt all the qestions.

1. Read in the name of the Lord who created, created man from a clot of blood (corgealed blood). Read they Lord is most Bountiful. Who taught the pen, taught man that which he new not.

2. Patriotism is defined as thus! Means Love for

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

motherland on devotion to one's country.

3. He thought that Hazrat Abu Bakar Sadique (R.A) Left him and children empty handed and helpless.

4. The Holy Prophet (SAW) stayed in the cave of meditation and spent days and weeks in the rememberance of Allah.

5. A patriot Loves his country and is always willing to sacrifice for it when the need arises.

6. He was the son of Hazrat Asma (R.A) Who is the sister of Hazrat Ayesha (R.A).

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

پہلا پرچہ: قرآن مجید وفقہ

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلے حصہ کے دونوں اور دوسرے حصہ سے صرف دو سوال حل کریں؟

پہلا حصہ......ترجمۃ القرآن

سوال نمبر 1:- مندرجہ ذیل آیات بینات میں سے صرف پانچ کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

۵×۵=۲۵

(۱) وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

(۲) اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ۗ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝

(۳) وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

(۴) فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ۗ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۗ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝

(۵) وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ۗ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

(۶) وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۗ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝

(۷) قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۗ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۗ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝

سوال نمبر 2:- درج ذیل میں سے صرف دس الفاظ کے معانی لکھیں؟

مَائِدَةً، حُوْبًا كَبِيْرًا، بَغْتَةً، قِسِّيْسِيْنَ، حَرْثٌ، قَرْحٌ، وَصِيْلَةٌ، دَمًا مَّسْفُوْحًا، حَامٍ، نِحْلَةً، قَوّٰمُوْنَ، يَزْعُمُوْنَ

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

دوسرا حصہ......فقہ

سوال نمبر3:-والغلبة فی مخالطة الجامدات باخراج الماء عن رقته وسیلانه ولایضر تغیرا و صافه کلها بجامد کزعفران وفاکهة وورق شجر ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟ ۸+۷=۱۵

(ب) ماءِ نجس اور ماءِ مشکوک کی تعریف لکھ کر اس کے احکام لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر4:-یفترض فی الاغتسال أحد عشر شیئاً ۔

(الف) نورالایضاح کی روشنی میں غسل کے پانچ فرائض لکھیں؟ ۵×۳=۱۵

(ب) ویشترط لجواز المسح علی الخفین سبعة شرائط ۔

موزوں پر مسح کے صحیح ہونے کی دو شرائط لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر5:-فصل فی واجب الصلوٰة وهو ثمانیة عشر شیئاً ۔

(الف) نماز کے پانچ واجبات تحریر کریں؟ ۵×۳=۱۵

(ب) تشہد عبداللہ بن مسعود لکھ کر اس کا ترجمہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2023ء

پہلا حصہ: قرآن مجید وفقہ

پہلا حصہ: قرآن مجید

سوال نمبر1:-مندرجہ ذیل آیات بینات کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(۱) وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○

جواب: ترجمہ: اور (اے محبوب) تم ان کا کچھ غم نہ کھاؤ جو کفر کی طرف دوڑتے ہیں، وہ اللہ کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ اللہ چاہتا ہے کہ ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہ رکھے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔

(۲) اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَ تِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ يَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○

ترجمہ: اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچی تو وہ لوگ بھی ویسی ہی تکلیف پا چکے ہیں۔ یہ وہ دن ہیں جن میں

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

ہم نے لوگوں کی باریاں مقرر کر رکھی ہیں۔ اس لیے کہ اللہ ایمان والوں کی پہچان کرا دے۔ تم میں سے کچھ لوگوں کو شہادت کا مرتبہ دے اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔

(۳) وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا۝

ترجمہ: اور نہیں ہم نے کوئی رسول بھیجا مگر اس وجہ سے کہ اللہ کے حکم سے اس کی اطاعت کی جائے۔ اگر وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں، تو (اے محبوب) تیرے پاس آئیں اور اللہ سے مغفرت کے طلبگار ہوں اور رسول ان کی شفاعت فرمائیں تو ضرور اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا پائیں گے۔

(۴) فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا۝

ترجمہ: تمہیں کیا ہوا کہ منافقوں کے بارے میں دو فریق ہو گئے اور اللہ نے انہیں اوندھا کر دیا جو وہ کرتے تھے ان کے سبب۔ کیا یہ چاہتے ہو کہ انہیں راہ دکھاؤ جسے اللہ نے گمراہ کیا ہے۔ جسے اللہ گمراہ کرے، تو اس کے لیے تو ہرگز راہ نہ پائے گا۔

(۵) وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا۝

ترجمہ: اور کافروں کی تلاش میں سستی نہ کرو، اگر تمہیں دکھ پہنچا ہے تو انہیں بھی ایسا ہی دکھ پہنچا ہے جیسا تمہیں پہنچتا ہے۔ تم اللہ سے وہ امید رکھتے ہو جو امید وہ نہیں رکھتے اور اللہ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

(۶) وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ۝ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ۝

ترجمہ: ان کے پاس نہیں آتی کوئی نشانی ان کے رب کی نشانیوں میں سے اور وہ اس سے منہ موڑ لیتے ہیں۔ تو بے شک انہوں نے حق کو جھٹلایا جب وہ ان کے پاس آیا۔ تو اب انہیں خبر ہوا چاہتی ہے کہ اس چیز کی جس پر ہنس رہے تھے۔

(۷) قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ؕ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ۝

ترجمہ: تم فرما دو میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں۔ نہ یہ کہوں کہ میں غیب جان لیتا ہوں اور نہ تم سے یہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں تو اسی کا تابع ہوں جو مجھے وحی آتی ہے۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تم فرماؤ کیا برابر ہو جائیں اندھے اور انکھیارے تو کیا تم غور وفکر نہیں کرتے؟

سوال نمبر2:-درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں؟

مَائِدَةٌ، حُوبًا كَبِيرًا، بَغْتَةً، فَتَبَيَّنُوا، حَرْثٌ، قَرْحٌ، وَصِيلَةٌ، دَمًا مَسْفُوحًا، حَامٌ، نِحْلَةً، قَوَّامُونَ، يَزْعُمُونَ

جواب:الفاظ کے معانی:

۱-دسترخوان، ۲-بڑا گناہ، ۳-اچانک، ۴-سخت، ۵-کھیتی، ۶-تکلیف/پریشانی، ۷-پہنچنا، ۸-بہتا خون، ۹-پریشان، ۱۰-خوشی سے، ۱۱-حاکم/سردار، ۱۲-وہ گمان کرتے ہیں

دوسرا حصہ.....فقہ

سوال نمبر3:-والغلبة في مخالطة الجامدات باخراج الماء عن رقته وسيلانه ولا يضر تغيرا وصافه كلها بجامد كزعفران وفاكهة وورق شجر .

(الف)مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب:عبارت پر اعراب:وَالْغَلَبَةُ فِي مُخَالَطَةِ الْجَامِدَاتِ بِإِخْرَاجِ الْمَاءِ عَنْ رِقَّتِهِ وَسِيلَانِهِ وَلَا يَضُرُّ تَغَيُّرُ أَوْصَافِهِ كُلِّهَا بِجَامِدٍ كَزَعْفَرَانَ وَفَاكِهَةٍ وَوَرَقِ الشَّجَرِ .

ترجمة العبارة:اور غلبہ شمار ہوگا ٹھوس اور سخت چیزوں کے ملنے سے (اس طرح) کہ پانی اپنی رقت اور سیلان سے نکل جائے اور ٹھوس چیز کے سبب تمام اوصاف کا متغیر ہو جانا کوئی نقصان نہیں دیتا جیسا کہ زعفران، میوہ جات اور درخت کے پتے۔

(ب)ماءِ نجس اور ماءِ مشکوک کی تعریف لکھ کر اس کے احکام لکھیں؟

نجس پانی کی تعریف:وہ پانی جس میں نجاست گر جائے اور قلیل بھی ہو اور ٹھہرا ہوا بھی ہو۔

مشکوک پانی کی تعریف:وہ پانی جس کو گدھا یا خچر پی لے۔

سوال نمبر4:-يفترض في الاغتسال أحد عشر شيئاً .

(الف)نور الایضاح کی روشنی میں غسل کے پانچ فرائض لکھیں؟

جواب:پانچ فرائض:

۱-تمام جسم کو ایک مرتبہ دھونا، ۲-ناک دھونا، ۳-منہ دھونا، ۴-ناف دھونا، ۵-جو سوراخ ملا ہوا نہ ہو اس کو اندر سے دھونا۔

(ب)ويشترط لجواز المسح على الخفين سبعة شرائط .

موزوں پر مسح کے صحیح ہونے کی دو شرائط لکھیں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

موزوں پر مسح کے صحیح ہونے کی دو شرطیں:

(۱) موزے ایسے ہوں جن میں چلنا ممکن ہو۔

(۲) تین انگلیوں کی مقدار پھٹن سے خالی ہوں۔

سوال نمبر5:-فصل فی واجب الصلوٰۃ وھو ثمانیة عشر شیئاً ۔

(الف) نماز کے پانچ واجبات تحریر کریں؟

جواب: پانچ واجبات:

۱-سورۃ فاتحہ پڑھنا، ۲-سورۃ فاتحہ کے بعد کسی سورت کا ملانا، ۳-فرض کی پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرنا، ۴-سجدہ میں ناک لگانا زمین پر، ۵-سورہ فاتحہ کا سورۃ سے مقدم ہونا۔

(ب) تشہد عبداللہ بن مسعود لکھ کر اس کا ترجمہ تحریر کریں؟

تشہد: اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔

ترجمۃ التشہد: تمام قولی عبادتیں اللہ کے لیے اور بدنی عبادتیں اور مالی عبادتیں بھی۔ سلامتی ہو آپ پر اے نبی! اللہ کی رحمت اور برکتیں بھی۔ سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول اور خاص بندے ہیں۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

دوسرا پرچہ: صرف

وقت: تین گھنٹے — کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو حل کریں؟

سوال نمبر 1:- (الف) اسم تفضیل کی تعریف کرکے اس کی گردان لکھیں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) المقاتلة سے صرف صغیر تحریر کریں، گردان پر اعراب لگانا نہ بھولیں؟ (۵+۵=۱۰)

(ج) ثلاثی مزید فیہ کے پانچ ابواب کے صرف نام اور ایک ایک مثال لکھیں؟ (۵)

سوال نمبر 2. (الف) النصر مصدر سے فعل جحد معروف کی گردان معانی کے ساتھ لکھیں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) مندرجہ ذیل صیغے اس طرح حل کریں کہ سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بھی معلوم ہو جائے؟ (۵×۳=۱۵)

رَامٍ، لَمْ يَقِيْنَ، اِعْلَمُوْا، اَكْرِمِيْ، فَرَرْتُمْ

سوال نمبر 3:- (الف) مہموز اور معتل کے قوانین میں سے ایک ایک قاعدہ مع امثلہ سپرد قلم کریں؟ (۱۰+۱۰=۲۰)

(ب) مَرْمِيٌّ، يَقُوْلُ اور مِيْعَادٌ کی تعلیلات تحریر کریں؟ ۱۰

سوال نمبر 4:- درج ذیل میں سے صرف چار اجزاء حل کریں؟

(۱) باب تفاعل کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات و امثلہ لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

(۲) باب افعال کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟ (۵+۵=۱۰)

(۳) باب ضَرَبَ کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات و امثلہ سپرد قلم کریں؟ (۵+۵=۱۰)

(۴) وِجْدَان اور صِيْرُوْرَت میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال قلمبند کریں؟ (۵+۵=۱۰)

(۵) تَحْوِيْل اور تَخْلِيْط میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال لکھیں؟ (۵+۵=۱۰)

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

دوسرا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1:- (الف) اسم تفضیل کی تعریف کر کے اس کی گردان لکھیں؟

جواب: اسم تفضیل: وہ اسم جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں مصدری معنیٰ فاعلیت دوسروں کی بنسبت زیادہ ہو۔

اسم تفضیل کی گردان: اَضْرَبُ، اَضْرَبَانِ، اَضْرَبُوْنَ، اَضَارِبُ، ضُرْبٰی، ضُرْبَیَانِ، ضُرْبَیَاتٌ، ضُرَبٌ، ضُرْیٰی،

(ب) المقاتلة سے صرف صغیر تحریر کریں، گردان پر اعراب لگانا نہ بھولیں؟

صرف صغیر مع الاعراب:

قَاتَلَ يُقَاتِلُ مُقَاتَلَةً فَهُوَ مُقَاتِلٌ وَقُوْتِلَ يُقَاتَلُ مُقَاتَلَةٌ فِذَاكَ مُقَاتَلٌ لَمْ يُقَاتِلْ لَمْ يُقَاتَلْ لَا يُقَاتِلُ لَا يُقَاتَلُ لَنْ يُقَاتِلَ لَنْ يُقَاتَلَ اَلْاَمْرُ مِنْهُ قَاتِلْ لِتُقَاتَلْ لِيُقَاتِلْ لِيُقَاتَلْ وَالنَّهْيُ عَنْهُ لَا تُقَاتِلْ لَا تُقَاتَلْ لَا يُقَاتِلْ لَا يُقَاتَلْ الظرف منه مُقَاتَلٌ مُقَاتَلَانِ مُقَاتَلاتٌ .

(ج) ثلاثی مزید فیہ کے پانچ ابواب کے صرف نام اور ایک ایک مثال لکھیں؟

ابواب کے نام:

(۱) اِفْتِعَالٌ جیسے اِجْتِنَابٌ (۲) اِسْتِفْعَالٌ جیسے اِسْتِنْصَار (۳) اِنْفِعَالٌ جیسے اِنْفِطَارٌ (۴) اِفْعِلَالٌ جیسے اِحْمِرَارٌ (۵) اِفْعِيْعَالٌ جیسے اِدْهِيْمَامٌ .

سوال نمبر 2:- (الف) اَلنَّصْرُ مصدر سے فعل جحد معروف کی گردان معانی کے ساتھ لکھیں؟

جواب: نَصْرٌ مصدر سے گردان جحد معروف:

لَمْ يَنْصُرْ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں اس ایک مرد نے
لَمْ يَنْصُرَا	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں ان دو مردوں نے
لَمْ يَنْصُرُوْا	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں ان سب مردوں نے
لَمْ تَنْصُرْ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں اس ایک عورت
لَمْ تَنْصُرَا	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں ان دو عورتوں نے
لَمْ يَنْصُرْنَ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں ان سب عورتوں نے
لَمْ تَنْصُرْ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں تو ایک مرد نے

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

لَمْ تَنْصُرُوْا	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں تم دو مردوں نے
لَمْ تَنْصُرِيْ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں تو ایک عورت نے
لَمْ تَنْصُرَا	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں تم دو عورتوں نے
لَمْ تَنْصُرْنَ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں تم سب عورتوں نے
لَمْ أَنْصُرْ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں تم ایک مرد یا ایک عورت نے
لَمْ نَنْصُرْ	نہیں مدد کی گزشتہ زمانے میں ہم سب مردوں یا سب عورتوں نے

(ب) مندرجہ ذیل صیغے اس طرح حل کریں کہ سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بھی معلوم ہو جائے؟

رَامٍ، لَمْ يَقِيْنَ، اِعْلَمُوْا، اَكْرِمِيْ، فَرَرْتُمْ

صیغوں کا حل:

رَامٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

لَمْ يَقِيْنَ: صیغہ جمع مونث غائب فعل نفی جحد بلم معروف ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

اِعْلَمُوْا: صیغہ جمع مذکر فعل امر حاضر معروف ثلاثی مجرد صحیح از باب سَمِعَ يَسْمَعُ۔

اَكْرِمِيْ: صیغہ واحد مونث فعل امر حاضر معروف ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل صحیح از باب افعال۔

فَرَرْتُمْ: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل ماضی مثبت معروف ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ۔

سوال نمبر3:-(الف) مہموز اور معتل کے قوانین میں سے ایک ایک قاعدہ مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

قاعدہ مہموز: ہمزہ مفردہ مفتوحہ کو ضمہ کے بعد واؤ سے اور کسرہ کے بعد یاء سے بدلنا جائز ہے جیسے جُوَنٌ مِيَرٌ کہ اصل میں جُؤَنٌ مِئَرٌ تھے۔

قاعدہ معتل: جب کسی کلمہ کے شروع میں دو واؤ جمع ہو جائیں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے جیسے اَوَاصِلُ کہ اصل میں وَوَاصِلُ تھا۔

(ب) مَرْمِيٌّ، يَقُوْلُ اور مِيْعَادٌ کی تعلیلات تحریر کریں؟

تعلیل مَرْمِيٌّ: جب غیر مبدل واؤ اور یاء غیر ملحق میں جمع ہوں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یا سے بدل کر ادغام کرتے ہیں اور ما قبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدل دیتے ہیں۔

تعلیل يَقُوْلُ: اگر واؤ یا یاء کا ما قبل ساکن ہو تو ان کی حرکت ما قبل کو دیتے ہیں جیسے يَقُوْلُ کہ اصل میں يَقْوُلُ تھا

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تعلیل مِیْعَادٌ: اگر واؤ ساکن کا ماقبل مکسور ہو تو اس واؤ کو یا سے بدل دیتے ہیں جیسے مِیْعَادٌ کہ اصل میں مِوْعَادٌ تھا۔

سوال نمبر 4:- درج ذیل اجزاء حل کریں؟

(۱) باب تفاعل کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات و امثلہ لکھیں؟

جواب: باب تفاعل کے دو خواص:

(۱) تشارک: یعنی دو شخصوں کا مل کر کسی کام کو اس طرح کرنا کہ ان میں ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی، جیسے شَاتَمَ زَيْدٌ وَ خَالِدٌ۔

(۲) تخییل: یعنی دوسرے کو اپنے اندر ماخذ کا حصول دکھانا جو در حقیقت حاصل نہ ہو جیسے تَمَارَضَ زَيْدٌ (زید نے اپنے آپ کو بیمار ظاہر کیا)

(۲) باب افعال کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں؟

باب افعال کے خواص:

(i) تعدیہ: یعنی لازم کو متعدی بنانا جیسے خَرَجَ زَيْدٌ (لازم) اور اَخْرَجْتُهٗ متعدی ہو گیا۔

(ii) الزام: یعنی متعدی سے لازم کرنا جیسے اَحْمَدَ زَيْدٌ (زید قابل حمد ہوا)

(۳) باب ضَرَبَ کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات و امثلہ سپرد قلم کریں؟

باب ضَرَبَ کے خواص:

(i) قصر: مختصر کرنا جیسے سَقٰی کہ یہ سَقَاكَ اللّٰهُ سُقْيًا کا اختصار ہے۔

(ii) تاذی: فاعل کا مدلول ماخذ سے اذیت پانا جیسے جَرَدَ الْمَرْءُ۔

(۴) وِجْدَان اور صیرورت میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال قلمبند کریں؟

وجدان کی تعریف: کسی چیز میں یقین کے طور پر صفتِ ماخذ کو پانا جیسے لَزِرْتُهٗ۔

صیرورت کی تعریف: کسی چیز کا صاحبِ ماخذ ہونا جیسے تَمَوَّلَ (وہ مالدار ہوا)

(۵) تَحْوِیْل اور تَخْلِیْط میں سے ہر ایک کی تعریف اور مثال لکھیں؟

تحویل کی تعریف: کسی شئی کو ماخذ کا عین بنانا جیسے نَصَّرَ خَالِدٌ بَكْرًا (خالد نے بکر کو نصرانی بنایا)

تخلیط کی تعریف: کسی شئی کو ماخذ سے مزین کرنا جیسے طَانَ الْحَائِطَ (اس نے دیوار کو گارے سے لیپ کیا)

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

تیسرا پرچہ: نحو

وقت: تین گھنٹے   کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی باقی میں سے کوئی دو حل کریں؟

حصہ اوّل......هداية النحو

سوال نمبر 1:-الأسماءُ المرفوعة ثمانية أقسام .

(الف) آٹھ اسماء مرفوعہ کے صرف نام اور چار کی مثالیں بھی تحریر کریں؟ (۸+۸=۱۶)

(ب) الف نون زائدتان اور جمع کے غیر منصرف کا سبب بننے کی شرائط لکھیں؟ (۷+۷=۱۴)

سوال نمبر 2:-اِعْلَمْ اَنَّ نُوْنَ التَّثْنِيَةِ مَكْسُوْرَةٌ اَبَدًا وَنُوْنَ الْجَمْعِ مَفْتُوْحَةٌ اَبَدًا وَكِلَاهُمَا تَسْقُطَانِ عِنْدَ الْإِضَافَةِ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ غُلَامَا زَيْدٍ وَمُسْلِمُوْا مِصْرٍ، اَلسَّابِعُ اَنْ يَكُوْنَ الرَّفْعُ بِتَقْدِيْرِ الضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ بِتَقْدِيْرِ الْفَتْحَةِ وَالْجَرُّ بِتَقْدِيْرِ الْكَسْرَةِ...... الخ

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟ (۵+۱۰=۱۵)

(ب) درج ذیل میں سے ہر ایک کا اعراب تحریر کر کے امثلہ سے وضاحت کریں؟ (۵+۵+۵=۱۵)

غیر منصرف، جمع مذکر سالم، مفرد منصرف صحیح

سوال نمبر 3:-درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ کی تعریفات اور امثلہ لکھیں؟ (۶×۵=۳۰)

فاعل، مبتدا، عدل، مفعول مطلق، مفعول لہ، حال، تمییز

حصہ دوم......شرح مائة عامل

سوال نمبر 4:-کوئی سے پانچ اجزاء حل کریں؟ (۸×۵=۴۰)

(۱) الحمد لله على نعمائه الشاملة وآلائه الكاملة کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۲) حروف تجر الاسم فقط کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۳) ومن وهي لابتداء الغاية کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۴) فاجتنبوا الرجس من الأوثان کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۵) حروف جارہ میں سے حتی اور عن کے معانی مع امثلہ لکھیں؟

(٦) اسماء شرطیہ فعل مضارع کو کب وجوباً اور کب جوازاً جزم دیتے ہیں؟ مثال کے ذریعے واضح کریں؟

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023

تیسرا پرچہ: نحو

حصہ اوّل......هداية النحو

سوال نمبر ۱: الأسماء المرفوعة ثمانية أقسام ۔

(الف) تمام اسماء مرفوعہ کے صرف نام اور چار کی مثالیں بھی تحریر کریں؟

جواب: اسمائے مرفوعہ کے نام اور چار کی مثالیں:

(۱) فاعل جیسے قَامَ زَيْدٌ (۲) مفعول مَالَمْ يُسَمَّ فاعله جیسے ضُرِبَ عَمْرٌو

(۳) مبتداء جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ (۴) خبر جیسے زَيْدٌ عَالِمٌ میں عَالِمٌ

(۵) حروف مشبہ بالفعل کی خبر (٦) افعال ناقصہ کا اسم

(۷) مَا وَلَا المشبهتان کا اسم (۸) لائے نفی جنس کی خبر

(ب) الف نون زائدتان اور جمع کے غیر منصرف کا سبب بننے کی شرائط لکھیں؟

الف نون زائدتان کے سبب بننے کی شرائط:

الف نون زائدتان اگر اسم میں ہو تو پھر اس کی شرط یہ ہے کہ وہ اسم کسی کا علم ہو جیسے عمران۔ اگر صفت میں ہو تو پھر شرط یہ ہے کہ اس صفت کی مؤنث فعلانة کے وزن پر نہ ہو۔ لہٰذا ندمان منصرف ہے کہ اس میں شرط نہیں پائی جاتی۔

جمع کے سبب بننے کی شرائط:

جمع غیر منصرف کا سبب اس وقت بنے گی جب اس میں دو شرطیں پائی جائیں:

(i) صیغہ منتہی الجموع کا ہو۔ (ii) ھاء کو قبول نہ کرے جیسے مَصَابِيحُ۔

سوال نمبر 2:- اِعْلَمْ اَنَّ نُوْنَ التَّثْنِيَةِ مَكْسُوْرَةٌ اَبَدًا وَنُوْنَ الْجَمْعِ مَفْتُوْحَةٌ اَبَدًا وَكِلَاهُمَا تَسْقُطَانِ عِنْدَ الْاِضَافَةِ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ غُلَامَا زَيْدٍ وَمُسْلِمُوْا مِصْرٍ، اَلسَّابِعُ اَنْ يَكُوْنَ الرَّفْعُ

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

بِتَقْدِيرِ الضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ بِتَقْدِيرِ الْفَتْحَةِ وَالْجَرُّ بِتَقْدِيرِ الْكَسْرَةِ...... الخ

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

اعراب: اوپر لگا دیے گئے ہیں۔

جواب: ترجمۃ العبارۃ: تو جان کہ تثنیہ کا نون مکسور ہوتا ہے ہمیشہ اور جمع کا نون مفتوح ہوتا ہے ہمیشہ اور وہ دونوں گر جاتے ہیں اضافت کے وقت جیسے جَاءَنِیْ غُلَامَا زَیْدٍ وَ مُسْلِمُوْ مِصْرٍ ۔ اعراب کی ساتویں قسم ہے رفع تقدیری ضمہ کے ساتھ، نصب تقدیری فتحہ کے ساتھ اور جر تقدیری کسرہ کے ساتھ۔

(ب) درج ذیل میں سے ہر ایک کا اعراب تحریر کر کے امثلہ سے وضاحت کریں؟

غیر منصرف، جمع مذکر سالم، مفرد منصرف صحیح

جواب: اعراب غیر منصرف: رفع ضمہ کے ساتھ، نصب اور جر فتحہ کے ساتھ جیسے جَاءَنِیْ عِمْرَانُ رَأَیْتُ الْعِمْرَانَ مَرَرْتُ بِعِمْرَانَ ۔

اعراب جمع مذکر سالم: رفعی حالت واؤ ما قبل مضموم کے ساتھ، نصبی اور جری حالت یاء ما قبل مکسور کے ساتھ جیسے هُمْ مُسْلِمُوْنَ، رَأَیْتُ الْمُسْلِمِیْنَ، مَرَرْتُ الْمُسْلِمِیْنَ ۔

اعراب مفرد منصرف صحیح: رفعی حالت ضمہ کے ساتھ، نصبی حالت فتحہ کے ساتھ اور جری حالت کسرہ کے ساتھ جیسے هُوَ زَیْدٌ، رَأَیْتُ زَیْدًا، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ ۔

سوال نمبر 3:- درج ذیل کی تعریفات اور امثلہ لکھیں؟

فاعل، مبتدا، عدل، مفعول مطلق، مفعول لہ، حال، تمیز

جواب: تعریف فاعل: وہ اسم جس سے پہلے فعل یا شبہ فعل ہو اور وہ فعل یا شبہ فعل اس اسم کی طرف اس طرح مسند ہو کہ اس کے ساتھ قائم ہو اس پر واقع نہ ہو جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ ۔

تعریف مبتداء: وہ اسم ہے جو عامل لفظی سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ ۔

تعریف عدل: لفظ جب اپنے اصل صیغہ کو چھوڑ کر دوسری حالت کی طرف عدول کر جائے تو عدل کہلاتا ہے جیسے عُمَرُ۔

تعریف مفعول مطلق: وہ مصدر جو مذکورہ فعل کے ہم معنی ہو جیسے جَلَسْتُ جُلُوْسًا۔

تعریف مفعول لہ: وہ اسم جس کی وجہ سے مذکورہ فعل کیا گیا ہو جیسے قَعَدْتُ عَنِ الْحَرْبِ جُبْنًا۔

تعریف حال: جو فاعل یا مفعول کی حالت پر دلالت کرے جیسے جَاءَنِیْ خَالِدٌ رَاکِبًا۔

تعریف تمیز: وہ اسم جو ابہام کو دور کرے جیسے عِنْدِیْ اَحَدَ عَشَرَ دِرْهَمًا۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

حصہ دوم......شرح مائة عامل

سوال نمبر4:-درج ذیل اجزاء حل کریں؟

(۱)الحمد لله على نعمائه الشاملة وآلائه الكاملة کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

ترکیب نحوی:

الحمد مبتداء ل جار الله مجرور جار ومجرور مل کر ظرف مستقر ہوا ثابت مقدر کا۔ على جار نعماء مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف الشاملة صفت۔ موصوف صفت مل کر معطوف علیہ۔ و عاطفہ الاء مضاف ہ مضاف الیہ۔ مضاف مضاف الیہ مل کر موصوف الكاملة صفت موصوف صفت مل کر معطوف۔ معطوف علیہ ومعطوف مل کر مجرور۔ جار اپنے مجرور سے مل کر ظرف لغو۔ ثابت اسم فاعل اس میں هو ضمیر فاعل۔ اسم فاعل اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر خبر۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لفظاً اور جملہ اسمیہ انشائیہ معناً۔

(۲)حروف تجر الاسم فقط کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

ترکیب نحوی:

حروف موصوف تجر فعل وفاعل الاسم مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر صفت۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر۔ النوع الاول موصوف صفت مبتداء۔ مبتداء خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۳)ومن وهي لابتداء الغاية کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

ترکیب نحوی:

و عاطفہ من مبتداء الاول و عاطفہ هي مبتداء ثانی ل جار ابتداء مضاف الغاية مضاف الیہ مضاف مضاف الیہ مل کر مجرور۔ جار مجرور مل کر ظرف مستقر ثابتة مقدر کا۔ ثابتة اسم فاعل اپنے هِيَ ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر خبر۔ مبتداء ثانی خبر سے مل کر پھر خبر۔ مبتداء اول اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ۔

(۴)فاجتنبوا الرجس من الأوثان کی ترکیب نحوی تحریر کریں؟

ترکیب نحوی:

فاجتنبوا صیغہ امر فعل۔ انتم ضمیر پوشیدہ فاعل۔ الرجس ذوالحال من جار الاوثان مجرور۔ جار ومجرور ظرف مستقر كائناً مقدر کا۔ كائناً اسم فاعل اپنے هو ضمیر فاعل اور متعلق سے مل کر حال۔ ذوالحال اور حال مل کر مفعول بہ۔ فعل اپنے فاعل اور متعلق سے مل کر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(۵) حروف جارہ میں سے حتی اور عن کے معانی مع امثلہ لکھیں؟

حَتّٰی اور عَنْ کے معانی:

حتی دو حصوں کے لیے آتا ہے:

(i) زمان ومکان میں مسافت کی انتہاء کے لیے۔ زمان کی مثال نِمْتُ الْبَارِحَةَ حَتَّى الصَّبَاحِ ۔ مکان کی مثال سِرْتُ الْبَلَدَ حَتَّى السُّوْقِ ۔

(ii) مصاحبت کے لیے جیسے قَرَأْتُ وِرْدِیْ حَتَّی الدُّعَاءِ ۔ عَنْ ایک معنی کے لیے آتا ہے یعنی بعد اور مجاورت کے لیے جیسے رَمَیْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ ۔

(٦) اسماء شرطیہ فعل مضارع کو کب وجوباً اور کب جوازاً جزم دیتے ہیں؟ مثال کے ذریعے واضح کریں؟

اسماء شرطیہ کا وجوباً و جوازاً جزم دینا:

جب شرط اور جزا دونوں یا صرف شرط فعل مضارع ہو تو پھر اسماء شرطیہ وجوباً جزم دیتے ہیں۔ اگر جزاء فعل مضارع ہو شرط فعل مضارع نہ ہو تو پھر جوازاً جزم دیتے ہیں۔ اول صورت کی مثال جیسے مَتٰی تَذْهَبْ اَذْهَبْ ۔ ثانی صورت کی مثال جیسے مَتٰی ضَرَبْتَ اَضْرِبْ ۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

چوتھا پرچہ: عربی ادب ومنطق

وقت: تین گھنٹے کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل......عربی ادب

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء میں سے دو کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟ ۲۵

(الف) أول الناس اسلاما وايمانا به هي أم المؤمنين خديجة رضى الله عنها ومن الرجال أبوبكر ومن الصبيان علي ومن الموالى زيد بن الحارثة رضى الله عنهم ثم دعا الناس كافة الى دين الله .

(ب) كان الانسان يسافر براء أوبحرا أما السفر أو النقل جوافمالم يعرفه الانسان القديم وانما كان يراه من المستحيل رغم أمنيته وارادته أن يطير فى الهواء .

(ج) كان سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أحسن الناس خلقا وأكرمهم خلقا وهو من أغراض بعثته كما أخبرنا به فقال انما بعثت لأتمم مكارم الأخلاق ومحاسن الأعمال .

سوال نمبر 2:- درج ذیل اجزاء میں سے دو کا اُردو میں ترجمہ کریں؟ ۲۵

(الف) وأحسن منك لم ترقط عيني وأجمل منك لم تلد النساء
خلقت مبرأ من كل عيب كأنك قد خلقت كما تشاء

(ب) يامن يرى مافى الضمير ويسمع أنت المعد لكل ما يتوقع
يامن يرجى للشدائد كلها يامن اليه المشتكى والمفزع

(ج) بنيت فى الأرض معابدها والبيت الأول كعبتنا
هو أول بيت نحفظه بحياة الروح ويحفظنا

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے پانچ جملوں کی عربی بنائیں؟ ۵×۵=۲۵

(الف) اللہ کا شکرادا کرو۔

(ب) بھلائی سب اللہ کے پاس ہے۔ (ج) آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے افضل ہیں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(د) لاہور میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔ (ہ) قائداعظم ایک مخلص قائد تھے۔

(و) میں دائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا ہوں۔

حصہ دوم ...... منطق

سوال نمبر 4:- (الف) علم منطق کی تعریف، موضوع، غایت، واضع اور وجہ تسمیہ تحریر کریں؟ ۱۵=۳×۵

(ب) قول شارح اور دلیل وحجت کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟ ۲+۲+۶=۱۰

سوال نمبر 5:- (الف) مرکب ناقص کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) دلالت لفظیہ وضعیہ کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟ ۱۵

سوال نمبر 6:- (الف) مفہوم کی اقسام مع تعریفات وامثلہ پر رقم کریں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) درج ذیل میں سے تین کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟ ۳×۵=۱۵

تصدیق، منقول، اداۃ، تقدم ذاتی، قضیہ

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء سال 2023ء

چوتھا پرچہ: عربی ادب ومنطق

حصہ اول: عربی ادب

سوال نمبر 1:- درج ذیل اجزاء کا سلیس اردو میں ترجمہ کریں؟

(الف) أول الناس اسلاما و ایمانا به هی أم المؤمنین خدیجة رضی الله عنها ومن الرجال أبوبکر ومن الصبیان علی ومن الموالی زید بن الحارثة رضی الله عنهم ثم دعا الناس کافة الی دین الله .

جواب (الف): اردو ترجمہ: لوگوں میں سب سے پہلے اسلام اور ایمان حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا لائیں، مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر، بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی اور غلاموں میں سب سے پہلے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ ایمان اور اسلام لائے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام لوگوں کو اللہ کے دین کی طرف بلایا۔

(ب) کان الانسان یسافر براء أو بحرا أما السفر أو التنقل جوا فلم یعرفه الانسان القدیم وانما کان یراه من المستحیل رغم أمنیته وارادته أن یطیر فی الهواء .

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

اُردو ترجمہ: انسان زمینی یا بحری سفر کیا کرتا تھا۔ جہاں تک فضائی سفر کا تعلق ہے تو انسان اسے ناممکن جانتا تھا، باوجود اپنی خواہش اور ارادے کے کہ وہ ہوا میں تیرے/اُڑے۔

(ج) كان سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم أحسن الناس خلقا وأكرمهم خلقا وهو من أغراض بعثته كما أخبرنا به فقال انما بعثت لأتمم مكارم الأخلاق ومحاسن الأعمال .

اُردو ترجمہ: ہمارے سردار اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے بہترین اور خلق کریم والے تھے۔ اسی وجہ سے آپ کو مبعوث کیا گیا جیسا کہ آپ نے ہمیں خبر دی اور فرمایا: ''بے شک میں مکارم اخلاق اور محاسن اعمال کی تکمیل کے لیے مبعوث کیا گیا ہوں۔''

سوال نمبر2:- درج ذیل اجزاء کا اُردو میں ترجمہ کریں؟

(الف) وأحسن منك لم ترقط عيني   وأجمل منك لم تلد النساء

خلقت مبرأ من كل عيب   كأنك قد خلقت كما تشاء

جواب: اُردو ترجمہ: اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ احسن میری آنکھ نے ہرگز نہ دیکھا اور آپ سے زیادہ جمیل کسی عورت نے پیدا نہ کیا۔ آپ کو ہر عیب سے پاک پیدا فرمایا گیا۔ پس جیسا آپ نے چاہا ویسا ہی آپ کو بنایا گیا۔

(ب) يامن يرى مافي الضمير ويسمع   أنت المعد لكل ما يتوقع

يامن يرجى للشدائد كلها   يامن إليه المشتكى والمفزع

اُردو ترجمہ: اے دل کی باتیں دیکھنے اور سننے والے! تو ہر واقع ہونے والی چیز کو تیار کرنے والا ہے۔ اے وہ ہستی جس سے تمام مصیبتوں میں امید کی جاتی ہے۔ اے وہ ہستی جس سے شکایت کی جاتی ہے اور پناہ طلب کی جاتی ہے۔

(ج) بنيت في الأرض معابدها   والبيت الأول كعبتنا

هو أول بيت نحفظه   بحياة الروح ويحفظنا

اُردو ترجمہ: اس کے لیے زمین پر عبادت گاہیں بنائی گئیں اور پہلا گھر ہمارا خانہ کعبہ ہے۔ وہ پہلا گھر جس کی ہم حفاظت کرتے ہیں دل و جان سے اور وہ ہماری حفاظت کرتا ہے۔

سوال نمبر3:- درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں؟

(الف) اللہ کا شکر ادا کرو۔   (ب) بھلائی سب اللہ کے پاس ہے۔

(ج) آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے افضل ہیں۔ (د) لاہور میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔

(ہ) قائد اعظم ایک مخلص قائد تھے۔   (و) میں دائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا ہوں۔

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

جواب: جملوں کی عربی:

(الف) اُشْكُرُوا اللهَ (ب) اَلْخَيْرُ كُلُّهُ عِنْدَ اللهِ

(ج) هُوَ اَفْضَلُ النَّاسِ (د) لِيْ لَاهُوْرِ ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ

(ہ) كَانَ الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ قَائِدًا مُخْلِصًا (و) اُكُلِ الطَّعَامَ بِالْيَدِ الْيُمْنٰى

حصہ دوم......منطق

سوال نمبر 4:۔(الف) علم منطق کی تعریف، موضوع، غایت، واضع اور وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

جواب: مطلق تعریف: منطق ایسا قانونی آلہ ہے جس کی رعایت کرنے سے ذہن کو فکری غلطی سے بچایا جاسکتا ہے۔

موضوع: معرف وقول شارح اور دلیل وحجت۔

غایت: ذہن کو فکری غلطی سے بچانا۔

واضع: اسے ابتداءً ارسطو نے سکندر ذوالقرنین کے حکم پر وضع کیا۔لہٰذا اسے معلم اوّل کہا جاتا ہے۔ پھر ابونصر فارابی نے اس کی مزید توضیح کی تو وہ معلم ثانی کہلائے۔ پھر فارابی کی کتب کے جل کر ضائع ہو جانے کے بعد شیخ الرئیس بوعلی سینا نے دوبارہ اس علم کو تحریر کیا اور انہیں معلم ثالث کہا جاتا ہے۔

وجہ تسمیہ: منطق بنا ہے نطق سے، نطق کی دو قسمیں ہیں نمبر 1۔نطق تکلم، 2۔نطق ادراک۔ چونکہ یہ علم دونوں کو تقویت دیتا ہے، اس وجہ سے اسے منطق کہتے ہیں۔ اس کو علم میزان بھی کہتے ہیں، کیونکہ میزان کا معنیٰ ترازو ہے اور یہ علم بھی عقل کے لیے ترازو ہے جس پر عقل افکار کو تول کر صحیح اور فاسد میں امتیاز کرتی ہے۔

(ب) قول شارح اور دلیل وحجت کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں؟

قول شارح کی تعریف:

وہ معلومات تصوریہ جن کو ترتیب دینے سے کوئی مجہول تصور واضح ہو جائے جیسے حیوان کا معنیٰ ہے: جوہر، جسم نامی، حساس، متحرک بالارادہ۔ ناطق کا معنیٰ ہے دریابندۂ معقولات۔ یہ دو الگ الگ معلوم ہوں، پھر ان کو ترتیب دے کر یوں کہہ دیا جائے کہ حیوان ناطق تو اس سے انسان کا تصور مل گیا جو پہلے مجہول تھا۔

دلیل وحجت:

وہ معلومات تصدیقیہ جن کو ترتیب دینے سے کوئی مجہول تصدیق حاصل ہو جائے جیسا کہ یہ معلوم ہو کہ عالم متغیر ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ ہر متغیر حادث ہے۔ پھر ان کو ترتیب دے کر یوں کہا جائے عالم متغیر ہے اور ہر متغیر حادث ہے، تو نتیجہ آئے گا کہ عالم حادث ہے۔ ایک اور تصدیق حاصل ہو گئی جو پہلے مجہول

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تھی۔

سوال نمبر 5:-(الف) مرکب ناقص کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

جواب: مرکب ناقص کی اقسام:

مرکب ناقص کی دو قسمیں ہیں:

۱-مرکب تقییدی: وہ مرکب ناقص ہے جس کی دوسری جزء پہلی جزء کے لیے قید ہو جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ۔

۲-مرکب غیر تقییدی: وہ مرکب ناقص ہے جس کی دوسری جزء پہلی جزء کے لیے قید نہ ہو جیسے فِی الدَّارِ۔

(ب) دلالت لفظیہ وضعیہ کی اقسام مع تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

دلالت لفظیہ وضعیہ کی اقسام:

دلالت لفظیہ وضعیہ کی تین قسمیں ہیں:

۱-مطابقی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ ہے جس میں لفظ اپنے پورے موضوع لہٗ پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت حیوان ناطق پر۔

۲-تضمنی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ ہے جس میں لفظ اپنے معنی موضوع لہٗ کی جزء پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت فقط حیوان پر۔

۳-التزامی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ ہے جس میں لفظ اپنے پورے معنی موضوع لہٗ کے خارج پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت قابل علم ہونے پر۔

سوال نمبر 6:-(الف) مفہوم کی اقسام مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

جواب: مفہوم کی اقسام:

مفہوم کی دو قسمیں ہیں:

۱-جزئی: وہ مفہوم ہے جس کا نفسِ تصور شرکت کثیرین سے مانع ہو جیسے زَیْدٌ۔

۲-کلی: وہ مفہوم ہے جس کا نفس تصور شرکت کثیرین سے مانع نہ ہو جیسے اِنْسَانٌ۔

(ب) درج ذیل کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں؟

تصدیق، منقول، اداۃ، تقدم ذاتی، قضیہ

تعریفات:

تصدیق: وہ علم جس میں حکم پایا جائے جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ۔

منقول: وہ کثیر المعنی مفرد ہے جس کی وضع پہلے ایک معنی کے لیے ہوئی ہو، پھر اس کا استعمال دیگر

Madaris News Official

H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

معنوں میں ہونے لگا ہو اور پہلے کو چھوڑ دیا گیا ہو جیسے صَلوٰۃ۔

ادات: وہ لفظ مفرد جو مستقل معنی پر دلالت نہ کرے جیسے مِن۔

تقدم ذاتی: وہ تقدم جس میں مؤخر، مقدم کا محتاج ہو اور مقدم مؤخر کے لیے علت تامہ ہو جیسے طلوع شمس کا تقدم وجود نہار پر۔ اور وجود نہار کے لیے طلوع شمس علت ہے۔

قضیہ: وہ قول جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہا جا سکے۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

پانچواں پرچہ: حساب

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے پانچ سوال حل کریں؟

سوال نمبر 1:- (الف) درج ذیل فی صد کو کسروں کی آسان شکل میں واضح کریں؟ (۲x۵=۱۰)

(۱)95%، (۲)25%، (۳)65%

(۴)5-½%، (۵)42-½%

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کریں؟ (۲x۵=۱۰)

(۱)0.5 (۲)1.72 (۳)0.065 (۴)1.39 (۵)1.25

سوال نمبر 2:- ایک مستطیل کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور چوڑائی 4 سینٹی میٹر ہے اور ایک دوسری مستطیل کی لمبائی 9 سینٹی میٹر اور چوڑائی 2 سینٹی میٹر ہے تو درج ذیل نسبت معلوم کریں؟

(۴x۵=۲۰)

(۱) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں کے درمیان

(۲) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں کے درمیان

(۳) دونوں مستطیلوں کے احاطوں کے درمیان

(۴) دونوں مستطیلوں کے رقبوں کے درمیان

سوال نمبر 3:- 15000 روپے کے ترکہ میں سے تین ہزار روپے قرض ادا کر کے باقی ترکہ کو ایک بیوہ، دو بیٹوں اور چار بیٹیوں میں اس طرح تقسیم کریں کہ بیوہ کو کل کا 1/8 اور باقی میں سے ہر بیٹے کو بیٹی کے حصے کا دوگنا ملے؟ (۲۰)

سوال نمبر 4:- اگر 70 کلوگرام سامان کا کرایہ 150 کلومیٹر سفر کے لیے 5 روپے ہو تو 105 کلوگرام سامان کا کرایہ 300 کلومیٹر سفر کے لیے کیا ہوگا؟ (۲۰)

سوال نمبر 5:- زید اور عمر نے بالترتیب 600 اور 700 روپے ایک کاروبار میں لگائے، آٹھ ماہ بعد انہیں 117 روپے کا نفع ہوا۔ دونوں کا نفع میں حصہ معلوم کریں؟ (۲۰)

سوال نمبر 6:- ایک شخص کی ایک سال میں 20000 روپے بچت ہوئی اور بیوی کے زیورات

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

15000 روپے کی مالیت کے تھے۔اس پر واجب زکوٰۃ معلوم کریں؟ (۲۰)

سوال نمبر 7:۔اسلم نے انگلش میں 50 میں سے 35 نمبر حاصل کیے، اُردو میں 75 میں سے 60 اور مطالعہ پاکستان میں 75 میں سے 72 نمبر حاصل کیے۔اس کی کس مضمون میں کارکردگی بہتر رہی؟ (۲۰)

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

پانچواں پرچہ: حساب

سوال نمبر 1:۔(الف) درج ذیل فی صد کو کسروں کی آسان شکل میں واضح کریں؟

(۱) 95%، (۲) 25%، (۳) 65%

(۴) 5-¼%، (۵) 42-½%

جواب حل:۔

i: 95%

=95/100=19/20 Ans.

ii: 25%

=25/100=1/4 Ans.

iii: 65%

=65/100=13/20 Ans.

iv: 5-¼%

=21/4%

=21/4x1/100=21/400 Ans.

v: 42-½%

=85/2%

=85/2x1/100=85/100

=17/40 Ans.

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کریں؟

(۱) 0.5 (۲) 1.72 (۳) 0.065 (۴) 1.39 (۵) 1.25

حل:

i- 0.5

=5/10x100%

=50% Ans.

ii- 1.72

=172/100x100%

=172% Ans.

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

iii- 0.065

=65/1000x100%

=13/2% Ans.

iv- 1.39

=139/100x100%

=139% Ans.

v- 1.25

=125/100x100%

=125% Ans.

سوال نمبر 2:-ایک مستطیل کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور چوڑائی 4 سینٹی میٹر ہے اور ایک دوسری مستطیل کی لمبائی 9 سینٹی میٹر اور چوڑائی 2 سینٹی میٹر ہے تو درج ذیل نسبت معلوم کریں؟

(۱) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں کے درمیان

(۲) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں کے درمیان

(۳) دونوں مستطیلوں کے احاطوں کے درمیان

(۴) دونوں مستطیلوں کے رقبوں کے درمیان

جواب: حل:

پہلے مستطیل کی تفصیل:

لمبائی=6cm

چوڑائی=4cm

احاطہ=2(لمبائی+چوڑائی)=2(6cm+4cm)=2(10cm)=20cm

رقبہ=لمبائی×چوڑائی=6cmx4cm=$24cm^2$

دوسرے مستطیل کی تفصیل:

لمبائی=9cm

چوڑائی=2cm

احاطہ=2(لمبائی+چوڑائی)=2(9cm+2cm)=2(11cm)=22cm

رقبہ=لمبائی×چوڑائی=9cmx2cm=$18cm^2$

مطلوبہ نسبتیں:

دوسرا مستطیل: پہلا مستطیل

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

i-لمبائیوں میں:

6cm/3:9cm/3

2cm:3cm

ii-چوڑائیوں میں:

4cm/2:2cm/2

2cm:1cm

iii-احاطوں میں:

20cm/2:22cm/2

10cm:11cm

iv-رقبوں میں:

$24cm^2/6:18cm^2/6$

$4cm^2:3cm^2$

سوال نمبر 3:- 15000 روپے کے ترکہ میں سے تین ہزار روپے قرض ادا کر کے باقی ترکہ کو ایک بیوہ، دو بیٹوں اور چار بیٹیوں میں اس طرح تقسیم کریں کہ بیوہ کو کل کا 1/8 اور باقی میں سے ہر بیٹے کو بیٹی کے حصے کا دوگنا ملے؟

جواب: حل:

میت کا کل ترکہ=15000/-

قرض کی مالیت=3000/-

باقی ماندہ ترکہ=15000-3000=12000/-

بیوہ کا حصہ=12000x1/8=12000/8=1500 روپے

باقی ترکہ=12000-1500=10500 روپے

بیٹوں اور بیٹیوں کے حصوں میں نسبت=2:2:1:1:1:1

نسبتی مجموعہ=2+2+1+1+1+1=8

ہر بیٹی کا حصہ=1x10500/8=1312.5 روپے Ans.

ہر بیٹے کا حصہ=2x10500/8=2625 روپے Ans.

H_M_Hashain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

سوال نمبر 4:- اگر 70 کلوگرام سامان کا کرایہ 150 کلومیٹر سفر کے لیے 5 روپے ہو تو 105 کلو گرام سامان کا کرایہ 300 کلومیٹر سفر کے لیے کیا ہوگا؟

حل:

a= فرض کیا کرایہ سامان

سامان کا کرایہ (روپے): وزن (کلوگرام): سفر (کلومیٹر)

(راست) 150:70:5 (تناسب راست)

300:150:a

300/150x150/7=a/5

300x150x5/150x7=a

a=157500/1050=150 روپے

Ans. روپے 1500= پس مطلوبہ کرایہ

سوال نمبر 5:- زید اور عمر نے بالترتیب 600 اور 700 روپے ایک کاروبار میں لگائے، آٹھ ماہ بعد انہیں 117 روپے کا نفع ہوا۔ دونوں کا نفع میں حصہ معلوم کریں؟

جواب: حل:

روپے 117= منافع

روپے 600= زید کا سرمایہ

روپے 700= عمر کا سرمایہ

زید اور عمر کے سرمایوں میں نسبت

600/100:700/100

6:7

6+7=13= نسبتی مجموعہ

Ans. روپے 6x117/13=54= زید کا منافع میں حصہ

Ans. روپے 7x117/13=63= عمر کا منافع میں حصہ

سوال نمبر 6:- ایک شخص کی ایک سال میں 20000 روپے بچت ہوئی اور بیوی کے زیورات 15000 روپے کی مالیت کے تھے۔ اس پر واجب زکوۃ معلوم کریں؟

جواب: حل:

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

روپے20000=سالانہ بچت

روپے15000=زیورات کی مالیت

روپے20000+15000=35000= کل سرمایہ

2.5%=زکوٰۃ کی شرح

35000x2.5/100=زکوٰۃ کی مالیت

روپے87500/100=875=

.Ans روپے875=پس زکوٰۃ کی مطلوبہ رقم

سوال نمبر 7:-اسلم نے انگلش میں 50 میں سے 35 نمبر حاصل کیے، اُردو میں 75 میں سے 60 اور مطالعہ پاکستان میں 75 میں سے 72 نمبر حاصل کیے۔ اس کی کس مضمون میں کارکردگی بہتر رہی؟

جواب۔حل:

نمبروں کی فیصد

انگلش	اُردو	مطالعہ پاکستان
=35/50x100%	=60/75x100%	=72/75x100%
=3500/50%	=6000/75%	=7200/75%
=70%	=80%	=96%

پس مطالعہ پاکستان میں اسلم نے بہترین کارکردگی دکھائی۔

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2023ء/۱۴۴۴ھ

Paper:6 English

وقت: تین گھنٹے　　　　کل نمبر: ۱۰۰

Note: Attempt all the Questions.

Q.1: Translate any one of the following into Urdu?

(i) Such a thorough transformation of man and society owes to the Holy Proghet's (صلی اللہ علیہ وسلم) deep faith in Allah Almighty, to his love for humanity, and to the nobility of his character. Indeed, his life is a perfect model to follow. In reply to a question about the life of the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم), Hazrat Ayesha (رضی اللہ عنہا) said: "His morals and character are an embodiment of the Holy Quran."

(ii) The preparation for this journey was made at the house of Hazrat Abu Bakr Siddique (رضی اللہ عنہ). Hazrat Asma (رضی اللہ عنہا) rendered useful services in this regard. She prepared food for this journey. She tied the food on the camel back with her own belt as nothing else could be found. For this service she was given the title of Zaat-un-Nataqin by the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم).

Q.2: Write an essay of 120 words on any one of the following? (15)

(i) The kindness of the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم).

(ii) My Jamia.

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

Q.3: Write meanings and use them in sentences? (15)

(i) Mad with anger (ii) Reveal the secret (iii) Gave away.

Q.4: Answer any three of the followings? (15)

(i) For which ability were Arabs famous?

(ii) What was the first revlation?

(iii) How will you define patriotism?

(iv) What is the central idea of the poem?

Q.5: Write a summary of the poem "daffodils"? (20)

(or)

Write an application to the principal of jamia for leave due to fever.

Q.6: Translate any five of the following sentences into English? (20)

(۱) پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔ (۲) وہ تمہاری مدد کرے گا۔

(۳) وہ سو نہیں رہا تھا۔ (۴) عمر نے ایک شیر دیکھا۔

(۵) ہم کھانا کھا رہے ہیں۔ (۶) کیا تم باقاعدہ نماز پڑھتے ہو؟

(۷) کیا وہ ہنس رہا تھا؟

☆☆☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء بابت 2023ء

چھٹا پرچہ: انگلش

Note: Attempt all the Questions.

Q.1: Translate any one of the following into Urdu:

(i) Such a thorough transformation of man and society owes to the Holy Proghet's (صلی اللہ علیہ وسلم) deep faith in Allah Almighty, to his love for humanity, and to the nobility of his

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

character. Indeed, his life is a perfect model to follow. In reply to a question about the life of the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم), Hazrat Ayesha (رضی اللہ عنہا) said: "His morals and character are an embodiment of the Holy Quran."

جواب: (i) اُردو ترجمہ: انسان اور معاشرے کی ایسی مکمل تبدیلی نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے اللہ قادر مطلق پر پختہ ایمان، انسانیت کے لیے محبت اور آپ کی عظیم الشان سیرت کی مرہون منت ہے۔ بلاشبہ آپ کی حیات مبارکہ تقلید کے لیے مکمل نمونہ ہے۔ آپ کی حیات مبارکہ کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ''آپ کے اخلاق حسنہ اور سیرت قرآن پاک کی زندہ مثال ہیں۔''

(ii) The preparation for this journey was made at the house of Hazrat Abu Bakr Siddique (رضی اللہ عنہ). Hazrat Asma (رضی اللہ عنہا) rendered useful services in this regard. She prepared food for this journey. She tied the food on the camel back with her own belt as nothing else could be found. For this service she was given the title of Zaat-un-Nataqin by the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم).

(ii) اُردو ترجمہ: اس سفر کی تیاری حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر پر کی گئی تھی۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے اس سلسلہ میں مفید خدمات سرانجام دیں۔ آپ نے اس سفر کے لیے کھانا تیار کیا۔ انہوں نے اپنی چادر کے ساتھ اونٹ کی پشت پر کھانا باندھا۔ جب انہیں باندھنے کو کچھ نہ ملا۔ اس خدمت کی بناء پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ''ذات النطاقین'' کا لقب دیا۔

Q.2: Write an essay of 120 words on any one of the following?

(i) The kindness of the Holy Prophet (صلی اللہ علیہ وسلم).

(ii) My Jamia.

i-Kindness of the Holy Prophet (SAW)

The Holy Prophet (SAW) was kind and offect to all creature of the universe. Once He (SAW) was going on a journey. There were some of His companions with Him.

Madaris News Official
H_M_Hasnain_Asadi

Dars e Nizami All Board Books

When they were passing by bushes he met of sparrow. There one of his companion saw a nest in a bush, were two sparrow chicks. He picked up the young spaws. The parent sparrows came crying. The Holy Prophet (SAW) asked his companion the reason of their crying. He told that he had taken out their chiks. The Holy Prophet (SAW) advised him, to put back the baby sparrows in the nest, at once His companion obeyed his order. The sparrows felt happy and stopped crying.

ii- My Jamia

I study in Jamia............. It is situated in Lahore. It has two gates and a long boundary wall. It has three big grassy grounds and a play ground. In play ground, students play different game in his time. A big mosque is built in it, where students offer their prayers. It has fifty big rooms. All the rooms are airy and ventilated. It has a big Library which in about 17000 books. About 1200 students read in our Jamia. 40 teachers works in our Jamia. They are all able and hard-working. Due to their hard-work our Jamia shows hundred percent results every year. Our Naim-e-Aala is a polite man, but he is a man of principle. Under his management Jamia is making progress by Leaps and bounds.

Q.3: Write meanings and use them in sentences?

(i) Mad with anger (ii) Reveal the secret (iii) Gave away.

(i) Mad with anger: He was made with anger and lost his job.

(ii) Reveal the secret: Ali reveals the secret of his friend.

Gave away: He gave away his money among the poors.

Q.4: Answer any three of the followings?

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

(i) For which ability were Arabs famous?

(i) Ans: The Arabs were famous due to his remarkable memory and ability of eloquence.

(ii) What was the first revlation?

(ii) Ans: "Read in the name of thy Lord. Who created: created man with clot of blood. Read and thy Lord is most Bountiful, who taught the use of pen, taught man that which he knew not."

(iii) How will you define patriotism?

(iii) Ans: Patriotism is defined as thus: Means love for the Motherland or devotion to one's country.

(iv) What is the central idea of the poem?

(iv) Ans: The central idea is that it presents before us not only the attractive and exciting beauty of nature but also the purifying and enduring impact of it on human beings.

Q.5: Write a summary of the poem "daffodils".

Summary: The written by "William Wordsworth". One day poet was travelling along the countryside, when he came across he saw a large number of daffodils. These were dancing and moving in the breeze. The sight delighted the poet and he looked these flowers for a long time. The poet feels the pleasure in the company of daffodils. This experience has become a permanent source of pleasure for the poet.

(OR)

Write an application to the principal of jamia for leave due to fever.

The Principle,

A.B.C.

Sir,

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

Dars e Nizami All Board Books

I beg to say that I am ill. so, I can'not come to Jamia. Kindly grant me Leave for two days.

I shall be very thankful to you.

Yours Obediently,

X.Y.Z

Q.6: Translate any five of the following sentences into English?

(۱) پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔ (۲) وہ تمہاری مدد کرے گا۔ (۳) وہ سو نہیں رہا تھا۔
(۴) میں نے ایک شیر دیکھا۔ (۵) ہم کھانا کھا رہے ہیں۔ (۶) کیا تم باقاعدہ نماز پڑھتے ہو؟
(۷) کیا وہ ہنس رہا تھا؟

Translate into English.

i-Pakistan is an agricultural country.

ii- He will help you.

iii- He was not sleeping.

iv- I saw a Lion.

v- We are eating food.

vi- Do you offer prayer regularly?

vii- Was he laughing?

☆☆☆

H_M_Hasnain_Asadi

Madaris News Official

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانویة العامة (میٹرک۔ سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1444ھ 2024ء

وقت: تین گھنٹے | پہلا پرچہ: قرآن مجید والفقہ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: پہلے حصہ کے دونوں اور دوسرے حصہ سے صرف دو سوالات حل کریں؟

پہلا حصہ...... ترجمة القرآن

سوال نمبر1:۔ مندرجہ ذیل آیات بینات میں سے صرف پانچ کا سلیس اردو ترجمہ کریں؟

(۱) كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِیْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَاۤ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ۝

(۲) وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًاۚ

(۳) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰۤوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً۪ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۝

(۴) یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِیْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا یُتْلٰى عَلَیْكُمْ غَیْرَ مُحِلِّی الصَّیْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌؕ اِنَّ اللّٰهَ یَحْكُمُ مَا یُرِیْدُ۝

(۵) وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَمِیْثَاقَهُ الَّذِیْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا٘ وَاتَّقُوا اللّٰهَؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ۝

(۶) یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا یُبَیِّنُ لَكُمْ كَثِیْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَیَعْفُوْا عَنْ كَثِیْرٍؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِیْنٌ۝

(۷) وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ یُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَؕ قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِیْنَ۝

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے صرف دس کے معانی لکھیں؟

قَرْحٌ، اَضْعَافًا مُّضَاعَفَةً، حُفْرَةٌ، رُهْبَانًا،
اَلْمَعْزِ، سَآئِبَةٌ، غَلِیْظَ الْقَلْبِ، بِطَانَةً،
طَآئِفَةٌ، نَقِیْرًا، لَا تُجَادِلْ، مَغَانِمَ كَثِیْرَةً

H_M_Hasnain_Asadi

کیم سکینر سے سکین کیا گیا۔

فیصل

دوسرا حصہ ..... فقہ

سوال نمبر3:۔ ولا ينجس البئر بالبعر والروث والخثى الا ان يستكثره الناظر او ان لا يخلو دلو عن بعرة ولا يفسد الماء بخرء حمام وعصفور ولا بموت ما لا دم له فيه كسمك وضفدع .

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) "يسن فى الوضوء ثمانية عشر شيئا" وضو کی پانچ سنتیں تحریر کریں؟

سوال نمبر4:۔ تجوز الصلوة على لبد وجهه الاعلى طاهر والاسفل نجس وعلى ثوب طاهر وبطانته نجسة اذا كان غير مضرب وعلى طرف طاهر وان تحرك الطرف النجس بحركته على الصحيح .

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں؟

(ب) يصح التيمم بشروط ثمانية الاول النية .
تیمم کے صحیح ہونے کی پانچ شرطیں لکھیں؟

سوال نمبر5:۔ يسقط حضور الجماعة بواحد من ثمانية عشر شيئا الخ .

(الف) جماعت چھوڑنے کے پانچ عذر لکھیں؟

(ب) جمعہ کے فرض ہونے کی پانچ شرطیں تحریر کریں؟

☆ ☆ ☆

ترجمہ(۵): اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ' یہ ایک دوسرے کے ساتھی ہیں اور تم میں سے جو کوئی انہیں دوست بنائے گا' وہ بھی انہی میں سے ہوگا۔ بیشک اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔

ترجمہ(۶): مسیح ابن مریم نہیں مگر ایک رسول۔ اس سے پہلے بہت رسول ہو گزرے اور ان کی ماں صدیقہ ہے دونوں کھانا کھاتے تھے۔ دیکھو تو ہم کیسی صاف نشانیاں ان کے لیے بیان کرتے ہیں۔ پھر دیکھو کیسے اوندھے جاتے ہیں۔

ترجمہ(۷): یہ برکت والی کتاب جسے ہم نے نازل کیا ہے، جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اس لیے کہ تم سب بستیوں کے سردار کو اور جو کوئی سارے جہان میں اس کے گرد ہیں ڈر سناؤ اور جو آخرت پر ایمان لاتے ہیں۔ اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں اور اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ کے معانی لکھیں؟

حَلَائِلُ، اَلْاَحْبَارُ، مَبْسُوْطَتَانِ، اَلْحَبُّ،
نَوٰی، قِنْوَانٌ، دَانِیَةٌ

جواب: الفاظ معانی:

الفاظ	معانی
حَلَائِلُ	بیبیاں/ازواج
اَلْاَحْبَارُ	علماء
مَبْسُوْطَتَانِ	وسیع ہیں
اَلْحَبُّ	دانہ
نَوٰی	گٹھلی
قِنْوَانٌ	خوشے
دَانِیَةٌ	جھکے ہوئے

کتب کا مرکز
ادارہ ضیاء السنہ
0306-6521197
آن لائن ڈیلیوری کی سہولت موجود ہے

دوسرا حصہ ...... فقہ

سوال نمبر3:۔ يَجِبُ غَسْلُ ظَاهِرِ اللِّحْيَةِ الْكَثَّةِ فِيْ اَصَحِّ مَا يُفْتٰى بِهٖ وَيَجِبُ اِيْصَالُ الْمَاۤءِ اِلٰى بَشَرَةِ اللِّحْيَةِ الْخَفِيْفَةِ وَلَا يَجِبُ اِيْصَالُ الْمَاۤءِ اِلَى الْمُسْتَرْسِلِ مِنَ الشَّعْرِ عَنْ دَائِرَةِ الْوَجْهِ وَلَا اِلٰى مَا انْكَتَمَ مِنَ الشَّفَتَيْنِ عِنْدَ الْاِنْضِمَامِ۔

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

جواب: نوٹ: اعراب سوالیہ حصہ پر لگا دیئے گئے ہیں۔

عبارت کا ترجمہ: جن اقوال پر فتویٰ دیا جاتا ہے ان میں سے سب سے زیادہ اور مفتی بہ قول کے مطابق گھنی داڑھی کے ظاہر کو دھونا واجب ہے اور پتلی داڑھی کی جلد تک پانی پہنچانا واجب ہے۔ ان بالوں تک پانی پہنچانا لازم نہیں جو چہرے کے دائرے سے لٹکے ہوئے ہوں اور ہونٹوں کے ملنے کے وقت جو مقام چھپ جائے اس تک بھی (پانی) پہنچانا لازم نہیں۔

(ب) وضو کے فرائض تحریر کریں؟

جواب: وضو کے فرائض: وضو کے چار فرائض ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱- پیشانی کی جڑ سے لے کر ٹھوڑی کے نیچے تک اور دونوں کانوں کی لو کے درمیان چہرہ دھونا۔

۲- کہنیوں سمیت ہاتھ دھونا

۳- ٹخنوں سمیت پاؤں دھونا

۴- چوتھائی سر کا مسح کرنا۔

سوال نمبر 4:۔ و یجب التاخیر بالوعد بالماء ولو خاف القضاء ویجب التاخیر بالوعد بالثوب او السقاء ما لم یخف القضاء و یجب طلب الماء الی مقدار اربع مائة خطوة ان ظن قربه مع الامن والا فلا، ویجب طلبه ممن هو معه ان کان فی محل لا تشح به النفوس .

(الف) مذکورہ عبارت کا سلیس اُردو میں ترجمہ کریں نیز خط کشیدہ کی وضاحت کریں؟

جواب: عبارت کا ترجمہ:

پانی کے وعدہ پر تاخیر واجب ہے اگرچہ نماز کے قضاء ہونے کا اندیشہ ہو کپڑے اور ڈول کا وعدہ کیا گیا' تو جب تک نماز قضاء ہونے کا اندیشہ نہ ہو تاخیر واجب ہے۔ اگر پانی قریب ہونے کا گمان ہو اور حالت امن ہو' تو چار سو قدموں کی مقدار تک پانی تلاش کرنا واجب ہے ورنہ نہیں۔ اپنے ساتھی سے پانی مانگنا واجب ہے اگر ایسی جگہ ہو جہاں لوگ بخل سے کام نہیں لیتے۔

خط کشیدہ عبارت کی تشریح: عام طور پر لوگ پانی دینے میں بخل سے کام نہیں لیتے پس اپنے ساتھی یا قریب کے کسی گھر سے پانی طلب کر لینا چاہیے۔

(ب) تیمم کی کوئی سی پانچ سنتیں لکھیں؟

جواب: سنتیں تیمم: تیمم کی سنتیں سات ہیں جن میں سے پانچ درج ذیل ہیں:

۱-شروع میں بسم اللہ پڑھنا ۲-ترتیب ۳-تسلسل

۴-انگلیوں کو کشادہ رکھنا ۵-ہاتھوں کو جھاڑنا

سوال نمبر5:۔(الف) نماز کے کوئی سے پانچ واجبات نورالایضاح کی روشنی میں لکھیں؟

جواب: واجبات نماز: نماز میں اٹھارہ (۱۸) امور واجب ہیں جو کہ حسب ذیل ہیں:

(۱) سورہ فاتحہ کا پڑھنا، (۲) فرض نماز کی کسی بھی دو رکعتوں اور وتروں اور نفلوں کی تمام رکعتوں میں ایک سورت یا کم از کم تین آیات کا ملانا، (۳) قرأت کے لیے پہلی دو رکعتوں کو معین کرنا یعنی پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرنا، (۴) سورہ فاتحہ کا دوسری سورت سے مقدم کرنا، (۵) سجدہ میں ناک کو پیشانی سے ملانا، (۶) ہر رکعت میں دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونے سے پہلے دوسرا سجدہ کرنا (ہر رکعت کا دوسرا سجدہ پہلے کے فوری بعد کرنا)، (۷) تمام ارکان کو اطمینان سے ادا کرنا، (۸) پہلا قعدہ کرنا، (۹) پہلے قعدہ میں تشہد پڑھنا، (۱۰) آخری قعدہ میں تشہد پڑھنا، (۱۱) (فرائض، وتر اور سنت مؤکدہ میں) تشہد کے بعد کسی تاخیر کے بغیر تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہونا۔

(ب) اقتداء کے صحیح ہونے کی پانچ شرائط لکھیں؟

جواب: اقتداء کے صحیح ہونے کی پانچ شرائط:

۱- مقتدی امام سے الگ دوسری سواری پر سوار نہ ہو۔

۲- چار رکعت والی نماز میں وقت کے بعد مقیم اور مسبوق، مسافر کا امام نہ ہو۔

۳- امام سوار اور مقتدی پیدل نہ ہو۔

۴- دونوں کے درمیان ایسا راستہ نہ ہو جس میں گاڑیاں گزرتی ہیں۔

۵- دونوں کے درمیان ایسی نہر نہ ہو جس میں کشتیاں چلتی ہوں۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے دوسرا پرچہ: صرف کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (الف) اسماء مشتقہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق مع امثلہ لکھیں؟

(ب) باب اِفْعَلَّ اور اِفْعَالَّ باہمزہ وصل کے ابواب میں سے ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو وجہ بیان کریں؟

سوال نمبر 2:۔ (الف) اسم ظرف کے مفتوح العین ومکسور العین کے سلسلہ میں ضابطہ لکھیں؟ نیز مضارع معروف میں علامت مضارع پرضمہ کب آتا ہے؟ تحریر کریں

(ب) لَمْ کا لفظی ومعنوی عمل مع امثلہ لکھیں نیز لام تاکید اور لام امر میں فرق تحریر کریں؟

سوال نمبر 3:۔ (الف) درج ذیل کون سے صیغے ہیں؟ شش اقسام، ہفت اقسام مع باب بیان کریں؟

اِیْتَمَرَ، دَاعٍ، اِیْجَلْ، قَالَتْ، تَعِدِیْنَ

(ب) راس ذئب اور بؤس میں جاری ہونے والا قانون تحریر کریں؟

سوال نمبر 4:۔ (الف) ''مضاعف، لفیف، ناقص، ملحق اور فاعل ذی کذا'' ان میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

(ب) تعداد حروف کے اعتبار سے اسم جامد کی اقسام کتنی ہیں؟ نام مع امثلہ تحریر کریں

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل اجزاء میں سے چار حل کریں۔

(۱) تحول، صیرورت میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیں؟

(۲) تکلف، بلوغ میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

(۳) اِکْتَسَبَ ، اَثْمَرَ النَّخْلُ کون سے خاصہ کی مثالیں ہیں؟ مع تعریف لکھیں؟

(۴) باب استفعال کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

(۵) صرفیوں کی اصطلاح میں خاصیات ابواب سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں نیز ام الابواب سے کون سے ابواب مراد ہیں؟ اور ام الابواب کی وجہ تسمیہ لکھیں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

دوسرا پرچہ: صرف

سوال نمبر 1:۔ (الف) اسماء مشتقہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز اسم فاعل اور صفت مشبہ میں

H_M_Hasnain_Asadi

فرق مع امثلہ لکھیں؟

جواب: اسمائے مشتقات کی تعداد:

اسماء مشتقات چھ ہیں:

(۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) اسم تفضیل

(۴) صفت مشبہ (۵) اسم آلہ (۶) اسم ظرف

اسم فاعل وصفت مشبہ میں فرق: اسم فاعل معنی فاعلیت پر بطور حدوث دلالت کرتا ہے جبکہ صفت مشبہ بطور ثبوت۔ بادیگر الفاظ اسم فاعل میں زمانہ ہوتا ہے اور صفت مشبہ میں زمانہ نہیں ہوتا جیسے سَامِعٌ وَ سَمِیْعٌ۔

(ب) باب اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ باہمزہ وصل کے ابواب میں سے ہیں یا نہیں؟ اگر نہیں تو وجہ بیان کریں؟

جواب: اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ کا شمار: مصنف کے نزدیک یہ دونوں باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ سے بنے ہیں، کوئی الگ باب نہیں۔ لہٰذا باہمزہ وصل سے نہ ہوئے۔ البتہ صاحب منشعب نے ان کو باہمزہ ول کے ابواب سے شمار کیا ہے۔ ان کی دلیل یہ قاعدہ ہے کہ باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کے فاکلمہ میں اگر تاء، ثاء، جیم، دال، ذال، زاء، سین، شین، صاد، ضاد، طاء اور ظاء میں سے کوئی حرف آجائے، تو تائے تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کو فاءکلمہ سے بدل کر ادغام کرتے ہیں اور ماضی اور امر کے شروع میں ہمزہ وصلی لاتے ہیں۔

سوال نمبر 2:۔ (الف) اسم ظرف کے مفتوح العین ومکسور العین کے سلسلہ میں ضابطہ لکھیں نیز مضارع معروف میں علامت مضارع پر ضمہ کب آتا ہے؟ تحریر کریں؟

جواب: اسم ظرف کا قاعدہ: مضارع مفتوح العین سے اسم ظرف مطلقاً مفتوح العین یعنی مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے اور مضارع مکسور العین سے اسم ظرف مکسور العین یعنی مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔ اوّل کی مثال جیسے مَفْتَحٌ ثانی کی مثال جیسے مَضْرِبٌ۔

(ب) لَمْ کا لفظی ومعنوی عمل مع امثلہ لکھیں نیز لام تاکید اور لام امر میں فرق تحریر کریں؟

جواب: لَمْ کا لفظی عمل: لم پانچ صیغوں یَضْرِبُ، تَضْرِبُ، تَضْرِبُ، اَضْرِبُ اور نَضْرِبُ کے آخر کو جزم دیتا ہے۔ سات صیغوں یعنی چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر کے اور ایک واحد مونث حاضر سے نون اعرابی گرا دیتا ہے اور دو صیغوں یعنی جمع مؤنث میں کوئی عمل نہیں کرتا۔

معنوی عمل: لَمْ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔

لام تاکید اور لام امر میں فرق: لام تاکید مفتوح ہوتا ہے اور لام امر ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔

سوال نمبر 3: (الف) درج ذیل کون سے صیغے ہیں؟ شش اقسام، ہفت اقسام مع باب بیان کریں؟

اِیْتَمَرَ، دَاعٍ، اِیْجَلْ، قَالَتْ، تَعِدِیْنَ

جواب: صیغوں کی وضاحت:

اِیْتَمَرَ: واحد مذکر غائب، فعل ماضی معروف، ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افتعال۔

دَاعٍ: واحد مذکر اسم فاعل ثلاثی مجرد ناقص واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔

اِیْجَلْ: واحد مذکر امر حاضر معروف ثلاثی مجرد مثال واوی از باب سَمِعَ یَسْمَعُ

قَالَتْ: واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔

تَعِدِیْنَ: واحد مؤنث حاضر فعل مضارع معروف ثلاثی مجرد مثال واوی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ۔

(ب) راس ذئب اور بؤس میں جاری ہونے والا قانون تحریر کریں؟

جواب: قانون کی وضاحت: ہر ہمزہ منفردہ ساکنہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے بولنا جائز ہے جیسے رَأْسٌ سے رَاْسٌ، ذِئْبٌ سے ذِیْبٌ اور بُؤْسٌ سے بُوْسٌ۔

سوال نمبر 4:۔ (الف) "مضاعف، لفیف، ناقص، ملحق اور فاعل ذی کذا" ان میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

جواب: مضاعف: وہ فعل جس کے حروف اصلیہ میں دو حروف ایک جنس کے ہوں، جیسے مَدَّ، زَلْزَلَ

لفیف: وہ اسم یا فعل جس میں دو حرف علت ہوں۔ اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) لفیف مقرون یعنی جس میں عین اور لام کلمہ حرف علت ہو جیسے طوی۔

(ii) لفیف مقرون یعنی جس میں فاء اور لام کلمہ حرف علت ہو جیسے و قیٰ۔

ناقص: وہ اسم یا فعل کہ جس کے لام کلمہ کے مقابلہ میں حرف علت ہو جیسے رَمٰی رَمْیٌ

ملحق: وہ باب کہ جو کسی حرف کی زیادتی سے رباعی کے وزن پر ہو جائے اور اس میں ملحق بہ کے علاوہ کوئی اور معنی نہ ہو جیسے جَلْبَبَ۔

فاعل ذی کذا: فاعل کا صیغہ اگر نسبت کے لیے استعمال ہو، تو اسے فاعل ذی کذا کہتے ہیں جیسے لَابِنٌ (دودھ والا)۔

(ب) تعداد حروف کے اعتبار سے اسم جامد کی اقسام کتنی ہیں؟ نام مع امثلہ تحریر کریں؟

باعتبار تعداد حروف اسم جامد کی اقسام:

☆ثلاثی مجرد جیسے رَجُلٌ ☆ثلاثی مزید فیہ جیسے حِمَارٌ

☆رباعی مجرد جیسے جَعْفَرٌ ☆رباعی مزید فیہ جیسے قِرْطَاسٌ

☆خماسی مجرد جیسے سَفَرْجُلٌ ☆خماسی مزید فیہ جیسے قَبَعْثَرٌ

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل اجزاء میں سے چار حل کریں؟

(۱) تحول، صیرورت میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھیں؟

(۲) تکلف، بلوغ میں سے ہر ایک کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

(۳) اِكْتَسَبَ اَثْمَرَ النَّخْلُ کون سے خاصہ کی مثالیں ہیں؟ مع تعریف لکھیں؟

(۴) باب استفعال کے کوئی سے دو خواص مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

(۵) صرفیوں کی اصطلاح میں خاصیات ابواب سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں نیز اُم ابواب سے کون سے ابواب مراد ہیں؟ اورام الابواب کی وجہ تسمیہ لکھیں؟

جواب: (۱) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا جیسے جَنَبَ الرِّيْحُ (ہوا جنوبی ہوگئی)۔

صیرورت: کسی چیز کا صاحب ماخذ ہونا جیسے تَمَوَّلَ (وہ مالدار ہوا)

(۲) تکلف: ماخذ میں رغبت کے ساتھ کسی چیز کا تصنع ظاہر کرنا جیسے تَمَرَّضَ (وہ بتکلف بیمار ہوا)۔

بلوغ: کسی شئی کا ماخذ میں ظاہر ہونا جیسے اَصْبَحَ زَيْدٌ (زید صبح کے وقت ظاہر ہوا)۔

(۳) اِكْتَسَبَ کی توضیح: یہ مثال خاصہ "تصرف" کی ہے۔

تصرف: کسی کام میں کوشش کرنا جیسے اِكْتَسَبَ (اس نے کمائی کے اندر کوشش کی)۔

اَثْمَرَ النَّخْلُ کی توضیح: یہ مثال خاصہ مبالغہ کی ہے۔ مبالغہ کا مطلب ہے کہ ماخذ کی مقدار میں کثرت بیان کرنا جیسے اَثْمَرَ النَّخْلُ (کھجور بہت پھل دار ہوئی)۔

(۴) استفعال کے خاصے: باب استفعال کے دو خاصے درج ذیل ہیں:

لیاقت: کسی چیز کا کسی امر کے لائق اور مناسب ہونا جیسے اِسْتَرْقَعَ الثَّوْبُ (کپڑا پیوند کے لائق ہوا)۔

طلب: ماخذ کو طلب کرنا جیسے اِسْتَنْصَرَ (اس نے مدد طلب کی)۔

(۵) خاصیات کا مطلب: صرفیوں کی اصطلاح میں ''خاصۃ سے مراد ابواب کے وہ زائد معنی ہیں جو لغوی معنی کے علاوہ استعمال ہوں''۔

ام الابواب ان بابوں کو کہا جاتا ہے جو کثیر استعمال ہوتے ہوں جیسے ضَرَبَ، نَصَرَ، سَمِعَ

وجہ تسمیہ: ان ابواب کو ام الابواب اس لیے کہتے ہیں کہ ان میں ماضی کے عین کی حرکت مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کے مخالف ہوتی ہے۔ لہٰذا تینوں ابواب لفظاً اور معناً دونوں اعتبار سے مختلف ہونے میں متفق ہوئے۔ اتفاق اور اختلاف دو چیزیں ہیں۔ جن میں اتفاق اصل ہے۔ اسی لیے اس کو اصل الابواب یعنی ام الابواب کہتے ہیں۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باكستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے　　　تیسرا پرچہ: نحو　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے، باقی میں سے کوئی دو سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (الف) اسم نحو کی تعریف، موضوع اور غرض لکھیں؟

(ب) اسم اور فعل میں سے ایک کی تعریف مثال سمیت قلمبند کریں؟

(ج) اسم اور فعل کی وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

سوال نمبر 2:۔ **الاسم المعرب علی نوعین منصرف و هو مالیس فیه سببان اوواحد یقوم مقامهما من الاسباب التسعة كَزَيْدٍ و یسمی الاسم المتمكن**

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

(ب) اسم متمکن کا حکم مع مثال تحریر کریں؟

(ج) اسم مقصور اور مفرد منصرف صحیح کا اعراب مثالوں سمیت لکھیں؟

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے کسی چھ کی تعریفات اور امثلہ لکھیں؟

حال، تمیز، تحذیر، مفعول لہ، مفعول فیہ، مبتداء، اضافت لفظیہ

سوال نمبر 4:۔ کوئی سے پانچ اجزاء حل کریں۔

(۱) الحمد لله على نعمائه الشاملة اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۲) لم، تجزم الفعل المضارع اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۳) ان الاول يستعمل في الممكنات اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۴) ترفعان الاسم و تنصبان الخبر اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۵) حروف جارہ میں سے مِنْ اور عَنْ کے معانی مع امثلہ لکھیں؟

(۶) لائے نفی جنس کے عمل کے تمام صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

تیسرا پرچہ: نحو

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے، باقی میں سے کوئی دو سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (الف) اسم نحو کی تعریف، موضوع اور غرض لکھیں؟

جواب: علم نحو کی تعریف، موضوع اور غرض:

تعریف: علم نحو ایسے قوانین کا علم ہے جن کے ذریعے تینوں کلموں اسم، فعل اور حرف کے اعراب و بناء کے اعتبار سے آخری احوال اور بعض کلمات کو بعض کے ساتھ جوڑنے کا طریقہ معلوم ہو۔

غرض:

(i) کلام عرب میں ذہن کو لفظی غلطی سے محفوظ رکھنا۔

(ii) اس کے ذریعے قرآن وحدیث کا علم حاصل کر کے اس پر عمل پیرا ہو کر اُخروی کامیابی حاصل کرنا۔

موضوع: اس کا موضوع کلمہ اور کلام ہے۔

(ب) اسم اور فعل میں سے ایک کی تعریف مثال سمیت قلمبند کریں؟

جواب: اسم: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر دلالت کرنے میں غیر کا محتاج نہ ہو اور کسی زمانے سے بھی نہ ملا ہو جیسے زَیْدٌ

فعل: وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر دلالت کرنے میں غیر کا محتاج نہ ہو اور کسی زمانے کے ساتھ ملا ہو

جیسے ضَرَبَ۔

(ج) اسم اور فعل کی وجہ تسمیہ تحریر کریں؟

جواب: اسم کی وجہ تسمیہ: لفظ اسم سَمُوٌّ سے بنا ہے جس کے معنی ہیں "بلندی"۔ چونکہ یہ حرف اور فعل سے بلند ہوتا ہے' اس لیے کہ اس کو اسم کہتے ہیں۔ یہ بصریوں کا مذہب اور مصنف کا مختار ہے۔ کوفیوں کے نزدیک اس کا نام اسم اس لیے نہیں ہے کہ یہ مسمیٰ اور معنی پر دلالت کرتا ہے۔ مصنف رحمہ اللہ تعالٰی نے اس مذہب کو رد کیا ہے۔

فعل کی وجہ تسمیہ: فعل کو اپنے اصل (مصدر) کی وجہ سے فعل کہتے ہیں، کیونکہ مصدر ہی فاعل کا فعل ہوتا ہے۔

سوال نمبر2:۔ اَلْاِسْمُ الْمُعْرَبُ عَلٰی نَوْعَیْنِ مُنْصَرِفٌ وَهُوَ مَالَيْسَ فِيْهِ سَبَبَانِ اَوْ وَاحِدٌ يَقُوْمُ مَقَامَهُمَا مِنَ الْاَسْبَابِ التِّسْعَةِ كَزَيْدٍ وَ يُسَمّٰى الْاِسْمُ الْمُتَمَكِّنُ

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر سلیس اُردو میں ترجمہ کریں؟

جواب: اعراب اور ترجمہ: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں، ترجمہ درج ذیل ہے:

"اسم معرب دو قسم پر ہے۔ منصرف اور منصرف وہ اسم ہے کہ جس میں غیر منصرف کے دو سبب یا ایک سبب جو دو کے قائم مقام ہو، موجود نہ ہوں جیسے زَیْدٌ۔ اس کو اسم متمکن بھی کہتے ہیں۔"

(ب) اسم متمکن کا حکم مع مثال تحریر کریں؟

جواب: اسم متمکن کا حکم: اسم متمکن پر تنوین سمیت تینوں حرکات آ سکتی ہیں جیسے جَاءَ زَيْدٌ، رَاَيْتُ زَيْدًا، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ

(ج) اسم مقصور اور مفرد منصرف صحیح کا اعراب مثالوں سمیت لکھیں؟

جواب: اسم مقصور کا اعراب: بسہ اعراب تقدیری یعنی رفع ضمہ تقدیری کے ساتھ' نصب فتح تقدیری کے ساتھ اور جر کسرہ تقدیری کے ساتھ جیسے جَاءَ عِيْسٰى، رَاَيْتُ عِيْسٰى، مَرَرْتُ بِعِيْسٰى

مفرد منصرف صحیح کا اعراب: بسہ اعراب لفظی یعنی رفع ضمہ کے ساتھ' نصب فتح کے ساتھ اور جر کسرہ کے ساتھ جیسے جَاءَنِیْ زَيْدٌ، رَاَيْتُ زَيْدًا، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ۔

سوال نمبر3:۔ درج ذیل میں سے کسی چھ کی تعریفات اور امثلہ لکھیں؟

حال، تمیز، تحذیر، مفعول لہ، مفعول فیہ، مبتداء، اضافت لفظیہ

اصطلاحات کی تعریفات:

حال: وہ اسم نکرہ ہے جو فاعل، یا مفعول یا دونوں کی حالت بیان کرے جیسے جَاءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا، ضَرَبْتُ زَیْدًا مُسْتَدورًا، لَقِیْتُ زَیْدًا رَاکِبَیْنِ

تمیز: وہ اسم جو ابہام کو دور کرے جیسے عِنْدِیْ رَتْلٌ زَیْتًا

تحذیر: وہ اسم جو اتَّقِ مقدر کا معمول ہو اور اسے مابعد سے ڈرایا جائے جیسے اِیَّاكَ وَالْاَسَدَ

مفعول لہ: وہ اسم جس کی وجہ سے فعل مذکورہ کیا گیا ہو جیسے ضَرَبْتُ تَادِیْبًا

مفعول فیہ: وہ اسم جس میں فعل مذکورہ واقع ہو جیسے ضَرَبْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

مبتداء: وہ اسم جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو جیسے زَیْدٌ قَائِمٌ

اضافت لفظیہ: وہ صیغہ صفت جو اپنے معمول کی طرف مضاف ہو جیسے زَیْدٌ حَسَنُ وَجْه

سوال نمبر 4:۔ کوئی سے پانچ اجزاء حل کریں؟

(۱) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی نَعْمَائِهِ الشَّامِلَةِ اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۲) لَمْ، تَجْزِمُ الْفِعْلَ الْمُضَارِعَ اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۳) اِنَّ الْاَوَّلَ یُسْتَعْمَلُ فِی الْمُمْکِنَاتِ اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۴) تَرْفَعَانِ الْاِسْمَ وَتَنْصِبَانِ الْخَبَرَ اعراب لگا کر ترکیب نحوی تحریر کریں؟

(۵) حروف جارہ میں سے مِنْ اور عَنْ کے معانی مع امثلہ لکھیں؟

(۶) لائے نفی جنس کے عمل کی تمام صورتیں مع امثلہ لکھیں؟

جواب: اجزاء کے جوابات:

۱۔اعراب اور ترکیب: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں۔ ترکتب ملاحظہ کریں:

اَلْحَمْدُ مبتداء۔ لا جار اللہ مجرور سے مل کر متعلق اوّل ثَابِتٌ مقدر کا۔ عَلٰی جار نعماء مضاف ھا ضمیر مضاف الیہ سے مل کر موصوف ہوا۔ اَلشَّامِلَةِ صفت ہوئی۔ موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور ہوا۔ جار اپنے مجرور سے مل کر متعلق ثانی ہوا۔ ثابت اپنے فاعل اور دونوں متعلقوں سے مل کر خبر ہوئی۔ مبتداء اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا لفظی طور پر اور انشائیہ ہوا معنوی طور پر۔

۲۔اعراب اور ترکیب: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں ترکیب درج ذیل ہے:

لَمْ مبتداء، تجزم فعل۔ اس میں ھی ضمیر پوشیدہ فاعل۔ الفعل موصوف المضارع صفت، موصوف

اپنی صفت سے مل کر مفعول بہ ہے۔ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر خبر ہوئی۔ مبتداء اپنی خبر سے کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۳-اعراب اور ترکیب: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں ترکیب درج ذیل ہے:

اِنَّ حرف مشبہ بفعل۔ الاوّل اسم یُسْتَعْمَلُ فعل مجہول اس میں ھو ضمیر پوشیدہ نائب فاعل۔ فِی جار الممکنات مجرور سے مل کر ظرف لغو ہوا۔ فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر خبر ہوئی۔ اِنَّ اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

۴-اعراب اور ترکیب: اعراب اوپر لگا دیئے گئے ہیں ترکیب درج ذیل ہے:

ترفعان فعل مضارع اس میں ھما ضمیر پوشیدہ فاعل۔ الاسم مفعول بہ فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ تنصبان فعل۔ اس میں ھما ضمیر پوشیدہ فاعل اور الخبر مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔

۵-مِنْ کے معنی: من کے چار معانی ہیں:

۱- ابتداء غایت کے لیے جیسے سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ

۲- تبعیض کے لیے جیسے اَخَذْتُ مِنَ الدَّرَاهِمِ ۔

۳- تبیین کے لیے جیسے فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ۔

۴- زیادت کے لیے جیسے يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ۔

عَنْ کا معنی: عَنْ بعد اور مجاوزت کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ

۶-لائے نفی جنس کے عمل کی صورتیں:

i- اس کا اسم اکثر مضاف منصوب ہوتا ہے اور خبر مرفوع ہوتی ہے جیسے لَا غُلَامَ رَجُلٍ ظَرِيْفٌ فِي الدَّارِ

ii- اگر اس کا اسم نکرہ مفردہ ہو، تو مبنی بر فتحہ ہوگا جیسے لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ

iii- اگر اس کے بعد مفرد معرفہ ہو یا لَا اور نکرہ کے درمیان فعل ہو، تو لَا کا مدخول مرفوع ہوگا اور وہ اسم اس کے ساتھ بھی لا کا لانا ضروری ہوگا جیسے لَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو (معرفہ کی مثال) لَا فِيْهَا رَجُلٌ وَّلَا امْرَأَةٌ (نکرہ کی مثال)

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے چوتھا پرچہ: عربی ادب ومنطق کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں حصوں سے صرف دو دو سوالات حل کریں۔

حصہ اوّل ...... عربی ادب

سوال نمبر 1:۔درج ذیل میں سے دو اجزاء کا ترجمہ کریں؟

(الف) كان متوسط القامة ازهر اللون اجمل الوجه حسن الاذن جميل الثغر اسود الشعر افصح اللسان اكرم الناس اخلاقا و كيف لا وقد قال ربه عزوجل عن خلقه انك لعلى خلق عظيم و قال هو عن نفسه انما بعثت لاتمم مكارم الاخلاق و محاسن الاعمال ۔

(ب) اول الناس اسلاما و ايمانا به هي ام المؤمنين خديجة رضى الله عنها و من الرجال ابو بكر رضى الله عنه و من الصبيان على رضى الله عنه و من الموالى زيد بن حارثة رضى الله عنه ثم دعا الناس كافة الى دين الله ۔

(ج) باكستان غنية بالمواد الغذائية و خاصة من ناحية الثروة الحيوانية كما ان باكستان مكتفية بذاتها فى مجال الاغذية و الحبوب فانها تنتج اجود انواع القمح و الرزو الشعير و الذرة و الحمص ۔

سوال نمبر 2:۔درج ذیل میں سے دو کا اُردو میں ترجمہ کریں؟

(الف) يا من يرى ما فى الضمير و يسمع
انت المعد لكل ما يتوقع
يا من يرجى للشدائد كلها
يا من اليه المشتكى و المفزع

(ب) مالى سوى قرعى لبابك حيلة
فلئن رددت فاى باب اقرع

و مـن الـذی ادعـوا و اهتف بـاسـمـه
ان كـان فـضـلك عـن فـقـيـر يـمـنـع

(ج) يـخـبـرنـا بـظـهـر الـغـيـب عـمـا
يـكـون فـلا يـخـون ولا يـحـول
فـلـم نـر مـثـلـه فـى الـنـاس حـيـا
و لـيـس لـه مـن الـمـوتـى عـديـل

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے پانچ جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) جو اچھی طرح کام کرتا ہے اللہ اس کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

(۲) حکمت بہت بڑی بھلائی ہے۔

(۳) آپ صادق وامین کے لقب سے مشہور تھے۔

(۴) سعید ایک دیہاتی لڑکا ہے۔

(۵) باپ نے بیٹی کو تقوے کی وصیت کی۔

(۶) اللہ کا شکر ادا کرو۔

حصہ دوم ...... منطق

سوال نمبر 4:۔ (الف) علم منطق کی تعریف وموضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

(ب) تقدم کی کتنی صورتیں ہیں؟ تمام کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر 5:۔ (الف) کلیات خمسہ کی وضاحت کریں؟

(ب) معنی کے استقلال اور عدم استقلال کے اعتبار سے مفرد کی اقسام کے صرف نام لکھیں؟

(ج) منقول کی کتنی اقسام ہیں؟ صرف نام تحریر کریں

سوال نمبر 6:۔ (الف) دلالت کی تعریف اور اس کی اقسام کی وضاحت کریں؟

(ب) تقسیم اوّل کے اعتبار سے جنس کی اقسام مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

چوتھا پرچہ: عربی ادب و منطق

حصہ اوّل ...... عربی ادب

...ال نمبر 1 :۔ درج ذیل میں سے دو اجزاء کا ترجمہ کریں؟

...) كان متوسط القامة ازهر اللون اجمل الوجه حسن الاذن جميل الثغر اسود ...شعر افصح اللسان اكرم الناس اخلاقا و كيف لا وقد قال ربه عزوجل عن خلقه ...ك لعلى خلق عظيم و قال هو عن نفسه انما بعثت لاتمم مكارم الاخلاق و ...حاسن الاعمال .

جواب: ترجمہ: حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم میانہ قد والے، چمکدار رنگ والے، حسین چہرے ...لے، خوبصورت کانوں والے، روشن دانتوں والے، سیاہ بالوں والے، فصیح و بلیغ زبان والے، سب ...وں سے حسین اخلاق والے تھے، آپ اس طرح کیوں نہ ہوتے؟ رب کائنات نے آپ کے بارے ...ر یوں اعلان کیا: اے محبوب! ہم نے آپ کو اخلاق کے اعلیٰ مرتبہ پر فائز کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ ...لم کا ارشاد گرامی ہے: بے شک میں عمدہ اخلاق اور اعلیٰ اعمال کی تکمیل کے لیے مبعوث کیا گیا ہوں۔

(ب) اول الناس اسلاما و ايمانا به هى ام المؤمنين خديجة رضى الله عنها و من ...رجال ابو بكر رضى الله عنه و من الصبيان على رضى الله عنه و من الموالى زيد بن ...حارثة رضى الله عنه ثم دعا الناس كافة الى دين الله .

ترجمہ: لوگوں میں سب سے پہلے اسلام و ایمان لانے والوں میں سے ام المومنین حضرت خدیجہ ...رضی اللہ تعالیٰ عنہا، مردوں میں حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور بچوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور غلاموں میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام لوگوں کو ...اللہ کے دین کی دعوت دی۔

(ج) باكستان غنية بالمواد الغذائية وخاصة من ناحية الثروة الحيوانية كما ان ...باكستان مكتفية بذاتها فى مجال الاغذية و الحبوب فانها تنتج اجود انواع القمح ...و الرزو الشعير و الذرة و الحمص .

ترجمہ: پاکستان غذائی مال سے مالا مال ہے اور خاص طور پر حیوانی دولت کے اعتبار سے جیسا کہ

پاکستان غذائی، اجناس اور دالوں سے مالا مال ہے۔ پس یہ بہترین قسم کی گندم، چاول، جو، مکئی اور چنے پیدا کرتا ہے۔

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے دو کا اُردو میں ترجمہ کریں؟

(الف) یا من یری ما فی الضمیر و یسمع
انت المعد لکل ما یتوقع
یا من یرجی للشدائد کلھا
یا من الیہ المشتکی و المفزع

جواب: ترجمہ: اے وہ ہستی! جو دل کی باتیں دیکھنے اور سننے والی ہیں، تو ہر وقوع پذیر ہونے والی چیز کو تیار کرنے والی ہے۔ اے وہ ہستی! جس کی طرف تمام مصائب میں رجوع کیا جاتا ہے۔ اے وہ ہستی! جس سے شکایت کی جاتی ہے اور پناہ کی جگہ ہے تیری طرف سے۔

(ب) مالی سوی قرعی لبابك حیلة
فلئن رددت فای باب اقرع
و من الذی ادعوا و اهتف باسمه
ان کان فضلك عن فقیر یمنع

جواب: ترجمہ: تیرا دروازہ کھٹکھٹانے کے سوا میرے پاس کوئی چارہ نہیں ہے، پس اگر تو مجھے لوٹا دے تو میں کس کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا؟ میں کس سے دعا کروں اور کس کو پکاروں؟ اگر تیرا فضل فقیر سے روک لیا جاتا ہے/ جائے گا۔

(ج) یخبرنا بظهر الغیب عما
یکون فلا یخون ولا یحول
فلم نر مثله فی الناس حیا
و لیس له من الموتی عدیل

جواب: ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بن دیکھے ہونے والی چیز کا بتا دیتے ہیں، نہ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم خیانت کرتے ہیں اور نہ دھوکہ دیتے ہیں۔ پس ہم نے نہیں دیکھا زندہ انسانوں میں آپ کی مثال اور نہ ہی مرنے والوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی ہم پلہ ہے۔

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے پانچ جملوں کی عربی بنائیں؟

(۱) جو اچھی طرح کام کرتا ہے اللہ اس کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

(۲) حکمت بہت بڑی بھلائی ہے۔

(۳) آپ صادق وامین کے لقب سے مشہور تھے۔

(۴) سعید ایک دیہاتی لڑکا ہے۔

(۵) باپ نے بیٹی کو تقوے کی وصیت کی۔

(۶) اللہ کا شکر ادا کرو۔

جواب: جملوں کی عربی:

۱- اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا

۲- اَلْحِکْمَۃُ خَیْرٌ کَثِیْرٌ

۳- عُرِفَ بِلَقَبِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ

۴- سَعِیْدٌ طِفْلٌ قَرَوِیٌّ

۵- اَوْصَی الْوَالِدُ اِبْنَتَہٗ بِتَقْوَی اللّٰہِ

۶- اُشْکُرُوا اللّٰہَ

حصہ دوم ...... منطق

سوال نمبر 4:۔ (الف) علم منطق کی تعریف وموضوع اور غرض وغایت تحریر کریں؟

جواب: علم منطق کی تعریف، موضوع اور غرض:

(i) علم منطق کی تعریف: ایسا علم ہے، جس کے قوانین کا اعتبار کر لینے سے انسان فکری غلطی سے محفوظ رہتا ہے۔

(ii) موضوع: معرف وقول شارح اور حجت ودلیل۔

(iii) غرض: ذہن کو فکری غلطی سے بچانا۔

(ب) تقدم کی کتنی صورتیں ہیں؟ تمام کی وضاحت کریں؟

جواب: تقدم کی اقسام اربعہ: یہی اس کی صورتیں ہیں:

۱- تقدم ذاتی: جب مؤخر، مقدم کا محتاج ہو لیکن مقدم، مؤخر کے لیے علت نہ ہو مثلاً آفتاب کا

تقدم نہار پر، اس لیے وجود نہار محتاج ہے طلوع آفتاب کا اور طلوع آفتاب علت ہے وجود نہار کے لیے۔

۲-تقدم طبعی: جب مؤخر، مقدم کا محتاج ہو لیکن مقدم، مؤخر کے لیے علت نہ ہو مثلاً تصور کا تقدم تصدیق پر، اس لیے کہ تصدیق تصور کی محتاج تو ہے مگر علت نہیں ہے۔

۳-تقدم زمانی: جب مقدم کا زمانہ مؤخر کے زمانہ سے قبل کا ہو مثلاً زمانہ نوح علیہ السلام مقدم ہے، زمانہ موسیٰ علیہ السلام سے۔

۴-تقدم وضعی: جب مقدم کو ذکر میں مؤخر سے پہلے کیا جائے۔

سوال نمبر 5:۔ (الف) کلیات خمسہ کی وضاحت کریں؟

جواب: کلیات خمسہ کی تعریفات مع امثلہ:

۱-جنس: ایسی کلی ہے، جو مختلف الحقائق اشیاء پر مَا هُوَ کے جواب میں بولی جائے مثلاً حیوان، انسان کے لیے۔

۲-نوع: ایسی کلی ہے جو متفقۃ الحقائق اشیاء پر مَا هُوَ کے جواب میں بولی جائے مثلاً انسان۔

۳-خاصہ: ایسی کلی ہے، جو اپنے افراد کی حقیقت سے خارج، پھر صرف ایک حقیقت کے افراد پر بولی جائے مثلاً ضاحک، انسان کے لیے اور کاتب انسان کے لیے۔

۴-فصل: ایسی کلی ہے، جو کسی چیز پر ای شیءٍ هو فی ذاته کے جواب میں بولی جائے مثلاً ناطق، انسان کے لیے۔

۵-عرض عام: ایسی کلی ہے، جو اپنے افراد کی حقیقت میں داخل نہ ہو اور ایک حقیقت کے افراد کے ساتھ مخصوص نہ ہو بلکہ ایک سے زائد حقیقتوں کے افراد پر بولی جائے مثلاً ماشی، انسان کے لیے۔

(ب) معنی کے استقلال اور عدم استقلال کے اعتبار سے مفرد کی اقسام کے صرف نام لکھیں؟

جواب: مفرد کی اقسام: معنی کے استقلال اور عدم استقلال کے اعتبار سے مفرد کی تین قسمیں ہیں، جن کے نام درج ذیل ہیں:

۱-اسم ۲-کلمہ ۳-اداۃ

(ج) منقول کی کتنی اقسام ہیں؟ صرف نام تحریر کریں؟

جواب: اقسام منقول: منقول کی تین اقسام ہیں، ان کے نام درج ذیل ہیں:

۱-منقول عرفی ۲-منقول شرعی ۳-منقول اصطلاحی

سوال نمبر 6:۔ (الف) دلالت کی تعریف اور اس کی اقسام کی وضاحت کریں؟

جواب: دلالت کی تعریف اور اقسام:

دلالت کی تعریف: کسی شئی کا کسی دوسری شئی کے ساتھ اس طرح خاص ہونا کہ جب پہلی شئی کا علم آئے تو دوسری شئی کا علم بھی حاصل ہو جائے۔ پہلی شئی دال اور دوسری مدلول کہلاتی ہے۔

اقسام کی وضاحت: دلالت کی دو قسمیں ہیں ان میں سے ہر ایک کی تعریفات مع امثلہ کی وضاحت درج ذیل ہے:

۱-دلالت لفظیہ: وہ دلالت ہے جس میں لفظ دال ہو جیسے لفظ زید کی دلالت ذات زید پر۔

اقسام: دلالت لفظیہ کی تین اقسام ہیں:

(۱) دلالت لفظیہ وضعیہ: وہ دلالت ہے، جس میں واضع کو دخل ہو مثلاً لفظ زید کی دلالت ذات زید پر۔

(۲) دلالت طبعیہ: وہ دلالت ہے جس میں طبیعت کو دخل ہو مثلاً اُح اُح کی دلالت سینے کے درد پر۔

(۳) دلالت لفظیہ عقلیہ: وہ دلالت ہے، جس میں وضع اور طبیعت دونوں کو دخل نہ ہو مثلاً دیوار کے پیچھے کسی کا دیز دیز پکارنا، جو بولنے والے کے وجود پر دلالت کرتا ہے۔ پھر دلالت لفظیہ وضعیہ کی مزید تین اقسام ہیں:

اقسام دلالت لفظیہ وضعیہ:

(۱) دلالت مطابقی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ جس میں لفظ اپنے پورے معنی موضوع لہ، پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت حیوان ناطق پر۔

(۲) دلالت تضمنی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ جس میں لفظ اپنے معنی موضوع لہ، کی جزء پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت فقط ناطق پر۔

(۳) دلالت التزامی: وہ دلالت لفظیہ وضعیہ جس میں لفظ اپنے معنی موضوع لہ، کے خارج لازم پر دلالت کرے جیسے انسان کی دلالت قابل علم ہونے پر۔

۲-دلالت غیر لفظیہ: وہ دلالت ہے جس میں دال لفظ نہ ہو جیسے دھوئیں کی دلالت آگ پر۔

اقسام: دلالت غیر لفظیہ کی تین اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) دلالت غیر لفظیہ وضعیہ: وہ دلالت جس میں وضع کا دخل نہ ہو جیسے دوال اربعہ اپنے مدلولات پر۔

(۲) دلالت غیر لفظیہ طبعیہ: وہ دلالت جس میں طبیعت کے تقاضے کا دخل ہو جیسے چہرے کی زردی کی دلالت خوف پر۔

(۳) دلالت غیر لفظیہ عقلیہ: وہ دلالت جس میں وضع اور طبیعت کے تقاضے کا دخل نہ ہو جیسے دھوئیں کی دلالت آگ پر۔

(ب) تقسیم اوّل کے اعتبار جنس کی اقسام مع تعریفات وامثلہ سپرد قلم کریں؟

جواب: جنس کی اقسام: تقسیم اوّل کے اعتبار سے جنس کی دو قسمیں ہیں:

۱-جنس قریب: کسی ماہیت کی وہ جنس کہ جب اس ماہیت کو بعض مشارکات اور دوسرے مشارکات کے ساتھ ملا کر مَا هُوَ کے ذریعے سوال کریں، تو جواب وہی جنس آئے مثلاً حیوان انسان کے لیے کہ جب انسان کو فرس کے ساتھ ملا کر مَا هُوَ کے ذریعے سوال کریں اور کہیں: اَلْإِنْسَانُ وَالْفَرَسُ مَا هُمَا؟ تو جواب میں حیوان آئے گا۔ اسی طرح دوسرے مشارکات مثلاً غنم، بقر اور حمار وغیرہ سے ملا کر سوال کریں اور کہیں اَلْإِنْسَانُ وَ الْغَنَمُ مَا هُمَا؟ تو اس کے جواب میں بھی حیوان آئے گا۔

۲-جنس بعید: کسی ماہیت کی وہ جنس کہ جب اس ماہیت کو بعض مشارکات سے ملا کر مَا هُوَ کے ذریعے سوال کریں، تو جواب میں وہی جنس آئے لیکن جب بعض دوسرے مشارکات سے ملا کر مَا هُوَ کے ذریعے سوال کریں تو جواب میں وہ جنس نہ آئے بلکہ کوئی دوسری جنس آئے جیسے جسم نامی، انسان کے لیے۔

اس لیے انسان کو جب شجر سے ملا کر مَا هُوَ کے ذریعے سوال کریں اور یوں کہیں: اَلْإِنْسَانُ وَالشَّجَرُ مَا هُمَا؟ تو جواب میں جسم نامی آئے گا لیکن جب دوسرے مشارکات (حمار اور بقر وغیرہ) سے ملا کر ما ھو کے ذریعے سوال کریں اور کہیں: اَلْإِنْسَانُ وَالْحِمَارُ مَا هُمَا؟ تو جواب میں جسم نامی نہیں آئے گا بلکہ حیوان آئے گا۔

☆ ☆ ☆

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) باکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے　　　پانچواں پرچہ: حساب　　　کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: کوئی سے پانچ سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ (الف) درج ذیل فی صد کو کسروں کی آسان شکل میں واضح کریں؟

(۱) 99%　　(۲) 35%　　(۳) 45 1/2 %

(۴) 49 1/2 %　　(۵) 7 1/4 %

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کریں۔

(۱) 0.7　　(۲) 1.80　　(۳) 0.066

(۴) 1.49　　(۵) 1:35

سوال نمبر 2:۔ ایک مستطیل کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور چوڑائی 4 سنٹی میٹر ہے اور ایک دوسری مستطیل کی لمبائی 9 سنٹی میٹر اور چوڑائی 2 سینٹی میٹر ہے، تو درج ذیل نسبت معلوم کیجیے؟

(۱) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں کے درمیان

(۲) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں کے درمیان

(۳) دونوں مستطیلوں کے احاطہ کے درمیان

(۴) دونوں مستطیلوں کے رقبوں کے درمیان

سوال نمبر 3:۔ نجیب نے 4,00,000 روپے اپنے ورثہ میں چھوڑے۔ اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ چھوڑی جبکہ ان کے ہاں کوئی بچہ نہ تھا۔ نجیب کی بیوہ کا حصہ معلوم کریں؟

سوال نمبر 4:۔ مصنوعی ذرائع کی مدد سے پیدا کی گئی 3,000 کلوگرام چاول کی فصل پر عشر کی رقم نکالیے جبکہ 40 کلوگرام چاول کی قیمت 2,000 روپے ہے۔

سوال نمبر 5:۔ دو آدمیوں کا کل قابل ٹیکس آمدنی بالترتیب 2,50,000 روپے اور 3,10,000 روپے ہے۔ دونوں کی آمدنی پر 4.5 فیصد کی شرح سے قابل ادا انکم ٹیکس معلوم کیجیے؟

سوال نمبر 6:۔ ایک شخص کی ایک سال میں 30,000 روپے بچت ہوئی اور بیوی کے زیورات 18,000 روپے کی مالیت کے تھے اس کی واجب زکوۃ معلوم کریں؟

☆ ☆ ☆

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء 2025ء

پانچواں پرچہ: حساب

سوال نمبر 1:۔ (الف) درج ذیل فی صد کو کسروں کی آسان شکل میں واضح کریں؟

(۱) 99%　(۲) 35%　(۳) 45 1/2 %

(۴) 49 1/2 %　(۵) 7 1/4 %

جواب: حل: کسروں کی آسان شکل میں تبدیلی:

(۱) 99%

= 99 x 1/100

= 99/100 Ans

(۲) 35%

= 35 x 1/100

= 7/20 Ans

(۳) 45 1/2 %

= 91/2 %

= 91/2 x 1/100

= 91/200 Ans

(۴) 49 1/2 %

= 99/2 %

= 99/2 x 1/100

= 99/200 Ans

(۵) 7 1/4 %

H_M_Hasnain_Asadi

= 29/4 %

= 29/4 x 1/100

= 29/400 Ans

(ب) درج ذیل اعشاریہ کو فی صد میں تبدیل کریں؟

(۱) 0.7 (۲) 1.80 (۳) 0.066

(۴) 1.49 (۵) 1.35

جواب: اعشاریہ کی فی صد میں تبدیلی:

(۱) 0.7

= 0.7 x 100 %

= 70 % Ans

(۲) 1.80

= 1.80 x 100 %

= 180 % Ans

(۳) 0.066

= 0.066 x 100 %

= 6.6 % Ans

(۴) 1.49

= 1.49 x 100 %

= 149 % Ans

(۵) 1.35

= 1.35 x 100 %

= 135 % Ans

سوال نمبر 2:۔ ایک مستطیل کی لمبائی 6 سینٹی میٹر اور چوڑائی 4 سنٹی میٹر ہے اور ایک دوسری مستطیل کی لمبائی 9 سنٹی میٹر اور چوڑائی 2 سینٹی میٹر ہے، تو درج ذیل نسبت معلوم کیجیے؟

(۱) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں کے درمیان

(۲) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں کے درمیان

(۳) دونوں مستطیلوں کے احاطہ کے درمیان

(۴) دونوں مستطیلوں کے رقبوں کے درمیان

حل: (۱) دونوں مستطیلوں کی لمبائیوں میں نسبت: دوسرے مستطیل کی لمبائی: پہلے مستطیل کی لمبائی

6cm : 9cm (3 پر تقسیم کرنے سے)

2cm : 3cm Ans

حل: (۲) دونوں مستطیلوں کی چوڑائیوں میں نسبت: دوسرے مستطیل کی چوڑائی: پہلے مستطیل کی چوڑائی

4cm : 2cm (2 پر تقسیم کرنے سے)

2cm : 1cm Ans

حل: (۳) دونوں مستطیلوں کے احاطوں میں نسبت: ہم جانتے ہیں کہ (چوڑائی + لمبائی) 2 = مستطیل کا احاطہ

پس دوسرے مستطیل کا احاطہ: پہلے مستطیل کا احاطہ

2(6cm + 4cm) : 2(9cm + 2cm)

2(10cm) : 2(11cm)

20cm : 22cm (2 پر تقسیم کرنے سے)

10cm : 11cm Ans

حل: (۴) دونوں مستطیلوں کے رقبوں میں نسبت: ہم جانتے ہیں کہ چوڑائی x لمبائی = مستطیل کا رقبہ

پس دوسرے مستطیل کا رقبہ: پہلے مستطیل کا رقبہ

$6 \times 4cm^2 : 9 \times 2cm^2$

$24cm^2 : 18cm^2$ (6 پر تقسیم کرنے سے)

$4cm^2 : 3cm^2$ Ans

سوال نمبر 3:۔ نجیب نے 4,00,000 روپے اپنے ورثہ میں چھوڑے۔اس نے اپنے پیچھے ایک بیوہ چھوڑی جبکہ ان کے ہاں کوئی بچہ نہ تھا۔نجیب کی بیوہ کا حصہ معلوم کریں؟

جواب: حل:

کل ترکہ = 4,00,000 روپے

اولاد نہ ہونے کی صورت میں بیوہ کا حصہ (1/4) ہوتا ہے

لہٰذا

بیوہ کا حصہ = 1/4x4,00,000

جواب: روپے 1,00,000 =

سوال نمبر 4:۔ مصنوعی ذرائع کی مدد سے پیدا کی گئی 3,000 کلوگرام چاول کی فصل پر عشر کی رقم نکالیے جبکہ 40 کلوگرام چاول کی قیمت 2,000 روپے ہے؟

جواب: حل:

چاول کی فصل = 3000 کلوگرام

40 کلوگرام کی قیمت = 2000 روپے

1 کلوگرام کی قیمت = 2000 / 40

= 50 روپے

کلوگرام چاولوں کی مالیت = 3000 x 50

= 1,50,000 روپے

مصنوعی ذرائع سے کاشت کی گئی فصل میں عشر کی شرح = 5 %

عشر کی رقم = 150000 x 5/100

جواب: روپے = 7500

سوال نمبر 5:۔ دو آدمیوں کا کل قابل ٹیکس آمدنی بالترتیب 2,50,000 روپے اور 3,10,000 روپے ہے۔دونوں کی آمدنی پر 4.5 فیصد کی شرح سے قابل ادا انکم ٹیکس معلوم کیجیے؟

جواب: حل: پہلے شخص کے ذمہ قابل ادا انکم ٹیکس:

روپے $= 2,50,000$ آمدنی

شرح ٹیکس $= 4.5\ \%$

انکم ٹیکس کی رقم $= 250000 \times 45/10 \times 1/100$

$= 250 \times 45$

جواب: روپے $= 11250$

دوسرے شخص کے ذمہ قابل ادا انکم ٹیکس:

روپے $= 3,10,000$ آمدنی

شرح ٹیکس $= 4.5\ \%$

انکم ٹیکس کی رقم $= 310000 \times 45/10 \times 1/100$

$= 310 \times 45$

جواب: روپے $= 13950$

سوال نمبر 6:۔ ایک شخص کی ایک سال میں 30,000 روپے بچت ہوئی اور بیوی کے زیورات 18,000 روپے کی مالیت کے تھے اس کی واجب زکوٰۃ معلوم کریں؟

جواب: حل:

روپے $= 30,000$ سالانہ بچت

روپے $= 18,000$ زیورات کی مالیت

کل مالیت $= 30000 + 18000$

روپے $= 48,000$

شرح زکوٰۃ $= 2.5\ \%$

زکوٰۃ کی رقم $= 48000 \times 25/10 \times 1/100$

$= 48 \times 25$

جواب: روپے $= 1200$

الاختبار السنوی النهائی تحت اشراف تنظیم المدارس (اهل السنة) پاکستان

سالانہ امتحان الشهادة الثانوية العامة (میٹرک-سال دوم)

(برائے طلباء) الموافق سنة 1447ھ 2025ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: انگلش | کل نمبر: ۱۰۰

Note: Attempt all the questions.

Q no 1: Translate any one of the following into Urdu.

(i) The preparation for this journey was made at the house of Hazrat Abu Bakr Siddique رضی اللہ عنہ. Hazrat Asma رضی اللہ عنہا rendered useful services in this regard. She prepared food for this journey. She tied the food on the camel back with her own belt as nothing else could be found. For this service she was given the title of Zaat-un-Nataqin by the Holy Prophet ﷺ.

(ii) Patriotism means love for motherland or devotion to one's country. A partriot loves his country and is willing to sacrifice when he need arises. The word patriot comes from the Latin word 'patriota' which means countryman. It is considered a commandable quality.

Q no 2: Make sentences using any five of the following words

(i) Eloquent (ii) Chaos (iii) Devotion

(iv) Mosque (v) Demand (vi) Empty

Q no 3: Write an essay on any one of the following.

(i) My Favourit Book (ii) My School

(iii) My Country

Q no 4: Write an application for urgent piece of work to your principal.

or

Write a letter to a friend requesting him to send you some books.

Q no 5: Answer any four of the following questions.

(i) What are the qualities of a patriot?

(ii) How will you define patriotism?

(iii) What was the first revelation?

(iv) For which ability were the Arabs famous?

(v) Who was Hazrat Abdullah Bin Zubair?

Q no 6: Write the meanings of any five of the following words.

(i)Patriotism, (ii)Countryman, (iii)Motherland,

(iv)Chaos, (v)Mankind, (vi)Refuge

Q no 7: Change into English (any Five).

(۱)زاہد میرا بہترین دوست ہے۔ (۲)بارش ہورہی ہے۔

(۳)وہ سکول جارہے ہیں۔ (۴)ہم سب مسلمان ہیں۔

(۵)پاکستان نے میچ جیت لیا۔ (۶)آج سکول میں چھٹی ہے۔

☆ ☆ ☆

H_M_Hasnain_Asadi

درجہ عامہ (سال دوم) برائے طلباء2025ء

چھٹا پرچہ: انگلش

Q no 1: Translate any one of the following into Urdu.

(i) The preparation for this journey was made at the house of Hazrat Abu Bakr Siddique رضی اللہ عنہ. Hazrat Asma رضی اللہ عنہا rendered useful services in this regard. She prepared food for this journey. She tied the food on the camel back with her own belt as nothing else could be found. For this service she was given the title of Zaat-un-Nataqin by the Holy Prophet ﷺ.

جواب: اُردو ترجمہ: اس سفر کی تیاری حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے گھر پر کی گئی۔ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے اس سلسلے میں کارآمد خدمات سرانجام دیں۔ آپ نے اس سفر کے لیے ضروری انتظامات کیے اور کھانا تیار کیا۔ جب کھانا باندھنے کے لیے کچھ نہ ملا تو آپ نے اسے اپنے کمر بند کے ساتھ اونٹ کی پشت پر باندھا۔ اس خدمت پر پاک پیغمبر ﷺ نے انہیں "ذات النطاقین" کا لقب عطا فرمایا۔

(ii) Patriotism means love for motherland or devotion to one's country. A partriot loves his country and is willing to sacrifice when he need arises. The word patriot comes from the Latin word 'patriota' which means countryman. It is considered a commandable quality.

جواب: اُردو ترجمہ: وطن سے محبت کا مطلب ہے اپنے مادرِ وطن سے محبت / پیار یا کسی آدمی کا اپنے ملک سے وفاداری کرنا اور محب وطن اپنے ملک سے محبت کرتا ہے اور جب بھی ضرورت پیش آئے قربانی دینے کے لیے تیار رہتا ہے۔ Patriot کا لفظ لاطینی لفظ Patriota سے ماخوذ ہے جس کا معنی "ہم وطن" ہے۔ یہ ایک قابلِ تعریف خوبی جانی جاتی ہے۔

Q no 2: Make sentences using any five of the following words.

(i) Eloquent (ii) Chaos (iii) Devotion
(iv) Mosque (v) Demand (vi) Empty

Answer:

Word	Sentences
Eloquent	Our principal is an eloquent person.
Chaos	Mankind stand on the verge of chaos.
Devtion	Patriotism means devotion to one's country.
Mosque	I offer my prayers in a masque.
Demand	He demanded for the rights of muslims, from government.
Empty	Box was empty.

Q no 3: Write an essay on any one of the following.

(i) My Favourit Book (ii) My School
(iii) My Country

Answer: Essay Writting

(i) My Favourite Book

I have read many books. But the book I like the best is the Holy Qruan. It is the last book of Allahعزوجل. It was revealed on the last Holy Prophet Hazrat Muhammad صلی اللہ علیہ وسلم. Since then it has been unharmed. None can change even a verse of it. Allah himself has undertaken the task of its safety. Every muslim in the world reads it daily. It contains mere truths. It is a

complete code of life. It is a vital source of guidence. Its teachings are eternal. I take information aboute every field of life. Every aspect of life has been discussed in it. It highlights all branches of Knowledge. The Holy Quran is a message of peace. It teaches justice, honesty and truth fulness. It lays solid foundations for civilized and cultured society . It ends discrimination on the basis of caste, colour, or race. It preaches that all men are equal. They are children of Hazrat Adam علیہ السلام.

(ii) My School

I stud in Govt. High School (For Boys) in Multan. It is situtated outside the city. It has three gates and a long boundry wall. It is L-shaped. It has three big grassy grounds and one small grassy ground, where the students play games. It has a big mosque at the design of shahi Mosque Lahore where students offer prayers. It has more than one hundred big rooms. All the rooms are airy and ventilated. It has a big library in which about 17,000 books. About 1200 students read in our school. 40 teachers work in our school. They are all able. Due to their hard work our school shows hundred percent results every year. Our head master is polite man but he is a man of principle. Under his management the school is making progress in all fields.

(iii) My Country

My country name is Pakistan. It came into being on the 14th of August 1947. Quaid-e Azam was the founder of Pakistan. Karachi is the largest city of Pakistan.

It is the only muslim country. It has attained atomic power. Its neighbouring countries are China, Iran, Afghanistan and India.

Pakistan is a place of various cultures and traditions. It has four provinces, their named are Punjab, Sindh, Khaiber-Pakhtonkha and Balochistan. Pakistan has a lot of amazing places to visit like mountains, deserts and plains. People speaks different languages like urdu, Punjabi, saraiki etc. In conclusion, Pakistan is vibrant and colourful nation.

Q no 4: Write an application for urgent piece of work to your principal.

Answer: Application

To

The Principal,

Jamia Nizamia Rizvia,

Lahore,

Respected Sir, I beg to say that I am student of 10th class. I cannot come to school today. Because I have an urgent piece of work at home. Kindly grant me leave for one day.

I shall be very thankful to you for this favor.

Yours Obediently,

H_M_Hasnain_Asadi

X.Y.Z.

or

Write a letter to a friend requesting him to send you some books.

Answer: Letter

Examination Hall,

City A.B.C.

April 10, 2025.

My dear Amjad,

A.O.A! I am fine and I hope you will also be fine. Once you told me that you have a good collection of different books. Now I want to study the informative books. Please send me some books. I shall return those very soon.

Salam to your Parents.

Yours sincerely,

X.Y.Z.

Q no 5: Answer any for of the following questions.

(i) What are the qualities of a patriot?

(ii) How will you define patriotism?

(iii) What was the first revelation?

(iv) For which ability were the Arabs famous?

(v) Who was Hazrat Abdullah Bin Zubair?

Answer these questions:

Ans (i): A patriot loves his country. He is willing to sacrifice for his country when the need arises.

Ans (ii): Patriotism is defined as thus: Love for motherland or devotion to one's country.

Ans (iii): "Read in the name of thy lord who created, created man from a clot of blood (congealed blood). Read thy lord is most bountiful. Who taught man by pen, that which he was not able to know".

Ans (iv): The Arabs were famous for the ability of eloquence and their remarkable memory.

Ans (v): Hazrat Abdullah Bin Zubair رضی اللہ عنہ was the son of Hazrat Asma رضی اللہ تعالیٰ عنہا.

Q no 6: Write the meanings of any five of the following words.

(i)Patriotism, (ii)Countryman, (iii)Motherland,

(iv)Chaos, (v)Mankind, (vi)Refuge

Answer: Meaning of given words:

(i) حب الوطنی (ii) ہم وطن

(iii) مادر وطن (iv) افراتفری/تباہی

(v) نسل انسانی (vi) پناہ

Q no 7: Change into English.

(۱) زاہد میرا بہترین دوست ہے۔ (۲) بارش ہو رہی ہے۔

(۳) وہ سکول جا رہے ہیں۔ (۴) ہم سب مسلمان ہیں۔

(۵) پاکستان نے میچ جیت لیا۔ (۶) آج سکول میں چھٹی ہے۔

Answer: Changing into English:

(i) Zahid is my best friend.

(ii) It is raining.

(iii) They are going to school.

(iv) We are all muslims.

(v) Pakistan won the match.

(vi) Today is off/holiday in school.

☆ ☆ ☆

تنظیم المدارس، کنزالمدارس، نظام المدارس، وفاق المدارس العربیہ اور دیگر بورڈز کی کتابیں، داخلہ جات، امتحانی مسائل کے حل، گزشتہ پیپرز، اور دیگر اپڈیٹس حاصل کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ وزٹ کریں۔

www.ahlesunnatboardspak.com

Follow Our Social Media Account:

1. **Whatsapp Channel (https://whatsapp.com/channel/0029VaFmkdD0VycHbvDRY70I)**
2. **Youtube (https://youtube.com/@ahlesunnatboards)**
3. **Tiktok (https://www.tiktok.com/@ahlesunnatboardspak)**
4. **Facebook Page (https://www.facebook.com/ahlesunnatboardspak)**